فہرستِ مضامین

مضمون	صفحہ نمبر
دنیا وآخرت میں سُرخرو ہونے کے لئے	
بھولنے کی بیماری اور کمزور ذہن ہو	
بچہ روتا ہو اور کھاتا نہ ہو	
دوزخ سے حفاظت	
لوگوں کی نظروں میں گر گیا ہو	
اگر منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں	
دنیا میں فاقہ سے بچاؤ کے لئے	
غربت سے نجات کے لئے	
فقر وفاقہ سے نجات کے لئے	
زبان میں لکنت اور ذہنی کشائش	
اگر قیدی رہائی چاہتا ہو	
بدن پر داغ یا دھبے دور کرنے کے لئے	
نظر کبھی کمزور نہ ہوگی	
نظر اُتارنے کا عمل	
اگر بُرے افعال میں مبتلا ہو گیا ہو تو	
شیطان کے شر سے بچا رہے گا	
نافرمان وضدّی اولاد ہو تو	
اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے	
سفر کی تھکن دور کرنے کے لئے	

جنت الفردوس حاصل کرنے کے لئے

بیماری سے شفاء کے لئے

بیماری سے حفاظت

شفاءِ کاملہ کے لئے

مرض کے خاتمہ کے لئے

رنج وغم دور کرنے کے لئے

تکالیف دور کرنے کے لئے

مرتبہ میں بلندی کے لئے

روزی میں ایسی برکت کہ آپ تصور نہ کرسکیں

رزق میں وسعت کے لئے

معزز اور غنی بننے کے لئے

گناہوں کی عادت چُھڑانے کے لئے

گندھی باتوں سے نجات کے لئے

دل کا زنگ دور کرنے کے لئے

نشے کی عادت دور کرنے کے لئے

کینسر،شوگر و دیگر امراض کے لئے

بواسیر کی تکلیف ختم کرنی ہوتو

جنّات کو دفع کرنا ہوتو

کامل ولی بننے کے لئے

اولاد زندہ نہ رہتی ہوتو

اپنے عہدے پر بحال ہونے کے لئے

اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کے لئے

اللہ تعالیٰ کا قُرب پانے کے لئے

دنیا کی محبت سے نجات کے لئے

اولاد کی نیک نامی کے لئے

بیوی یا شوہر ناراض ہو جائے تو یہ پڑھیں

زوجہ محبت کرے گی

میاں بیوی میں جھگڑا ختم ہو جائے گا

بیوی کو نیک بنانے کے لئے

ہر قسم کے درد کو دور کرنے کے لئے

درد سے نجات کے لئے

نحمدہ و نصلی علٰی رسولہ الکریم
اما بعد فاعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم
بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالیٰ اوراس کے پیارے رسول اعظم ﷺ نے مسلمانوں کو ہر اس چیز کی تعلیم دی جن میں بھلائی اور فائدہ ہے تا کہ مسلمان ان باتوں پر عمل کر کے اپنے لئے مفید راہ تلاش کریں۔

موجودہ دور میں دین سے دوری کی وجہ سے اکثر عوام پریشانی کا شکار نظر آتی ہے۔اس پر زیادتی یہ ہے کہ پریشانی کے وقت دین پر عمل کرنے کے بجائے اس پریشانی سے بچنے کے لئے لوگ دوسرے راستے تلاش کرتے ہیں۔ دردر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔اس کی پریشانی دیکھ کر اس کو مصائب میں جکڑا ہوا دیکھ کر نام نہاد عامل اس کو اور زیادہ پریشان کرتے ہیں۔اس سے بڑی بڑی رقوم کی ڈیمانڈ کرتے ہیں۔آپ نے سنا ہوگا کہ ''مرتا کیا نہ کرتا'' وہ غریب بے چارہ ان کے چنگل میں پھنس جاتا ہے کیونکہ اچھے اور کامل پیر بہت کم نظر آتے ہیں وہ ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتے۔ جگہ جگہ جعلی عاملوں کے بورڈ، نجومیوں کی بھرمار عوام کو اچھی طرح لوٹ رہی ہے۔

عام آدمی یہ نہیں سوچتا کہ جب یہ ہر کام کر دیتے ہیں تو فٹ پاتھ پر کیوں بیٹھے ہیں۔اپنا بھی کام کر لینا چاہیے۔نجومی دوسرے کا ہاتھ دیکھ کر بتا دیتا ہے کہ تمہیں یہ ملے گا۔کوئی اس سے پوچھے کہ آپ دوسروں کا ہاتھ دیکھ کر بتا دیتے ہو کہ اس کو فلاں چیز کل ملے گی۔آپ اپنا ہاتھ دیکھ کر کیوں نہیں معلوم کر لیتے کہ کل کون سے فٹ پاتھ پر بیٹھنا ہے۔کہاں کے ایم سی والے نہیں آئیں گے۔ اس طرح ان کے آنے سے ان کا کاروبار خراب ہونے سے بھی بچ جائے گا۔ بلکہ اس طرح کریں کہ یہ معلوم کرلیں کہ کس فٹ پاتھ پر زیادہ گاہک آئیں گے۔اور ایک دن میں دو تین لاکھ روپے

کس جگہ سے ملنے کی امید ہے وہیں جا کر اپنا بوریا بستر لے کر بیٹھ جائیں۔

الغرض کہ ان جعلی عاملوں اور نجومیوں نے عوام الناس کو پریشان کیا ہوا ہے۔بعض امراض جن کے علاج کے کچھ کلینک کھلے ہوئے ہیں۔سیدھے سادھے لوگوں کو نہیں معلوم ہوتا کہ یہ بیماری ہے اس کا علاج کسی اچھے ڈاکٹر سے کروالیا جائے۔نہیں بلکہ اس کا اظہار کرتے ہوئے شرماتے ہیں۔ان جھوٹے حکیموں اور جعلی ڈاکٹروں نے یہ پھیلا دیا ہے کہ یہ ایسے امراض ہیں جنہیں لوگوں کو نہ بتایا جائے صرف انہی حکیم اور ڈاکٹر حضرات کو بتایا جائے۔پھر یہ اپنے مریض کو جیسے تیسے مشورے دے کر ان سے اچھی خاصی رقم بٹور لیتے ہیں۔اب وہ مریض کسی کو مرض بتانے کے قابل نہیں رہتا اور نہ ہی اپنی ان خرچ کی ہوئی رقم کی تفصیل بتا سکتا ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ ان دھوکے بازوں کی وجہ سے عام آدمی کا اچھے لوگوں پر سے بھی اعتماد ختم ہو جاتا ہے۔ حالانکہ اچھے لوگ عوام الناس کے اردگرد ہی موجود ہوتے ہیں۔مگر دین سے دور رہنے کی وجہ سے ایسے نیک لوگوں سے رابطہ نہیں رکھ پاتے۔جس کی سزا انہیں کسی نہ کسی طرح بھگتنی پڑتی ہے۔چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ علماء کرام کی مجلسوں میں شرکت کیا کریں۔اس سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ نیکی پر استقامت رہتی ہے۔اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔بہت سارے دینی مسائل کا علم ہو جاتا ہے۔ساتھ ہی ساتھ دنیوی مسائل بھی ان بزرگوں کے مشوروں سے حل ہو جاتے ہیں۔

الحمدللہ علماء اہلسنّت میں یہ طریقہ جاری رہا ہے کہ وہ عوام کو مشکلات کے وقت ان کے مسائل کے حل میں کسی نہ کسی طرح کی مدد فراہم کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ دعائیں اور وظائف پڑھتے رہنے کی بھی تلقین کرتے رہتے ہیں۔

بے شک دعاؤں اور وظائف میں بڑی برکتیں ہیں۔اس سے بے شمار فائدے حاصل ہوتے ہیں۔دعاؤں اور وظائف کو معمول بنانے سے مسائل تو حل ہو ہی جاتے ہیں مگر ساتھ ہی ساتھ

دلوں کو ایک طرح کا اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ زیرِ نظر کتاب ہم نے اسی عنوان پر لکھی ہے۔ تا کہ پریشانی اور مصیبت کے وقت ان کے سدِ باب کے لئے جہاں دوسرے طریقوں کا اختیار کیا جاتا ہے وہاں دعاؤں اور وظائف سے بھی فائدہ حاصل کیا جائے۔ مذکورہ دعاؤں اور وظائف کے فوائد قرآن و حدیث اور بزرگانِ دین سے ثابت ہیں۔

﴿ان اعمال کے کرنے کی شرائط و ضروری ہدایات﴾

☆......تمام فرائض کی پابندی کریں۔ نماز، ماہِ رمضان کے روزے، زکوٰۃ اور حج وغیرہ۔

☆......جب بھی کوئی وظیفہ پڑھنے کی بات آئے تو اتنی آواز سے پڑھنا کہ اپنے کانوں تک آواز آئے ۔ نماز، تلاوت اورمختلف وظائف میں یہ ضروری ہے۔

☆......ہر وظیفہ وعمل سے پہلے اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔

☆......اگر کوئی کام ہوجائے تو ایصالِ ثواب کے لئے اس کتاب کو مفت تقسیم کرنے کی نیت کریں۔

1)......دنیا و آخرت میں سرخرو ہونے کے لئے:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَآ فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا .

فضیلت : قرآن مجید کی تلاوت کے بعد جو شخص اس درودِ پاک کو پڑھے گا وہ دنیا و آخرت میں سرخرو رہے گا۔

2)......بھولنے کی بیماری اور کمزور ذہن ہو:

وظیفہ: وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ ط وَکَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا.

فضیلت: اس آیت کو 121 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے روزانہ پلائیں۔

3)......بچہ روتا ہو اور کھانا نہ کھاتا ہو:

وظیفہ: اگر بچہ بہت روتا ہو یا کھانا نہ کھاتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو تو تھوڑا سا پانی یا دودھ گلاس میں لے کر عشاء کی نماز کے بعد یَا اَللّٰهُ یَا مَتِیْنُ یَا قَهَّارُ ایک سو مرتبہ پڑھ کر دَم کر کے پلا دیں۔

4)......دوزخ سے حفاظت:

وظیفہ: اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ط

فضیلت: جو شخص فجر و عصر کے بعد سات سات مرتبہ اس دعا کو پڑھ لے دوزخ دعا کرے اسے مجھ سے بچا۔

5)......لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو:

وظیفہ: فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ

فضیلت: اگر کوئی شخص لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت بحال ہو جائے تو اس آیت کو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مارے۔

6)......اگر منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں:

وظیفہ: اگر کسی کے منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں یا بدن میں پھنسیاں ہو جائیں تو سورۃ الضحٰی 41 مرتبہ پڑھ کر چینی پر دَم کر کے چبا لے انشاء اللہ

راحت ہو جائے گی۔

7)......دنیا میں فاقہ سے بچاؤ کے لئے:

وظیفہ: لَآ اِلَهَ اِلّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط

فضیلت: جو شخص صبح و شام سو سو مرتبہ اس دعا کو پڑھ لے دنیا میں فاقہ نہ ہو، قبر میں وحشت اور حشر میں گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا۔

8)......غربت سے نجات کے لئے:

وظیفہ: یَامَلِکُ

فضیلت: جو شخص 90 مرتبہ روزانہ ان کلمات کو پڑھے گا غربت سے نجات پا کر مالدار ہو جائے گا۔

9)......فقر و فاقہ سے نجات کے لئے:

وظیفہ: اَلْوَهَّابُ

فضیلت: جو شخص چاشت کی نماز کے آخری سجدے میں چالیس مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا وہ فقر فاقہ سے نجات پائے گا۔

10)......زبان میں لکنت اور ذہنی کشادگی:

وظیفہ: رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ o وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ o وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ o یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ o

فضیلت: زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے روزانہ تین مرتبہ پڑھیں ذہنی کشادگی اور علم میں ترقی کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد اکیس (21) مرتبہ پڑھیں۔

11)......اگر قیدی رہائی چاہتا ہو:

وظیفہ : اگر کوئی قید خانے سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۂ جن پڑھ لیا کرے انشاءاللہ باعزت بَری ہو جائے گا۔

12)......بدن پر داغ یا دھبے دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا

فضیلت : کسی کے بدن پر ناسور یا داغ دھبے ہوں تو اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دوا پر پھونکے پھر دوا استعمال کرے داغ دھبے دور ہو جائیں گے۔

13)......نظر کبھی کمزور نہ ہوگی:

وظیفہ : جو شخص وضو کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۂ قدر پڑھ لے انشاءاللہ اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہوگی۔

14)......نظر اُتارنے کا عمل:

وظیفہ : وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ o وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ o

فضیلت : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کسی کو نظر لگنے کا وہم ہو تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دَم کرے انشاءاللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

15)......اگر بُرے افعال میں مُبتلا ہو گیا ہو:

وظیفہ : اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ق وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o

فضیلت : اگر کوئی شخص دین سے غافل ہو گیا ہو یا سیدھے راستے سے

بھٹک گیا ہو یا بُرے افعال میں مبتلا ہوجائے تو اس آیت کو 101 مرتبہ پانی پر دَم کرکے اکتالیس (41) دن تک پلائیں۔

16)......شیطان کے شر سے بچا رہے گا:

وظیفه : هُوَ اللّٰهُ الرَّحِيمُ

فضیلت : جو ہر نماز کے بعد سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھ لے گا شیطان کے شر سے بچا رہے گا۔

17)......نافرمان وضدّی اولاد ہو تو:

وظیفه : اَللّٰهُ يَجْتَبِيٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ o

فضیلت : اگر کسی کا بچہ نافرمان اور ضدی ہو تو اس دعا کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر دَم کریں۔

18)......اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے:

وظیفه : رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍﷺ نَبِيًّا وَرَسُوْلًا

فضیلت : جو شخص اس دعا کو تین تین مرتبہ صبح وشام پڑھے اللہ تعالیٰ کے کرم پر حق ہے کہ روز قیامت اُسے راضی کرے۔

19)......سفر کی تھکن دور کرنے کے لئے:

وظیفه : يَا قُدُّوْسُ کا جو کوئی دورانِ سفر ورد کرتا رہے گا سفر کی تھکن سے محفوظ رہے گا۔

20)......جنت الفردوس حاصل کرنے کے لئے:

وظیفه : وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ o

فضیلت: جنت الفردوس حاصل کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ یا اکیس (21) یا اکتالیس (41) مرتبہ اس دعا کو پڑھیں۔

21)......بیماری سے شفاء کے لئے:

وظیفہ: یَاسَلَامُ

فضیلت: یہ کلمات **111** مرتبہ پڑھ کر مریض پر دَم کرنے سے شفا نصیب ہوگی۔

22)......بیماری سے حفاظت کے لئے:

وظیفہ: یَامَاجِدُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کو دس مرتبہ پڑھ کر شربت پر دَم کر کے پی لے وہ بیمار نہ ہوگا۔

23)......شفاءِ کاملہ کے لئے:

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی حَبِیْبِکَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ .

فضیلت: جو شخص بیمار کے سرہانے **100** مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا بیمار کو شفا نصیب ہوگی۔

24)......مرض کے خاتمہ کے لئے:

وظیفہ: یَااَللّٰہُ

فضیلت: جو لاعلاج مریض ان کلمات کو روزانہ **313** مرتبہ پڑھے گا اس کا مرض ختم ہو جائے گا۔

25)......رنج وغم دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : یَا مُهَيمِنُ

فضیلت : جو شخص 29 مرتبہ روزانہ ان کلمات کو پڑھ لے اس کا غم دور ہو جائے گا۔

26)......تکالیف دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : اَلْغَفُوْرُ

فضیلت : جو شخص اس اِسم کو 313 مرتبہ پڑھے گا اس کی تمام تکالیف اور رنج و غم دور ہوں گے۔

27)......مرتبہ میں بلندی:

وظیفہ : اَلْعَلِیُّ

فضیلت : جو شخص اس اسم کو 313 مرتبہ روزانہ پڑھے گا اُسے بلند مرتبہ اور خوشحالی نصیب ہوگی۔

28)......روزی میں ایسی برکت کہ آپ تصور نہ کرسکیں:

وظیفہ : یَاذَا الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ صَلِّ عَلٰی فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ وَآلِہٖ وصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ تَفَضَّلْ عَلَیْنَا بِفَضْلِکَ الْعَظِیْمِ.

فضیلت : ہر نماز کے بعد 20 مرتبہ ان کلمات کو پڑھیں روزی میں برکت ہوگی۔

29)......رزق میں وسعت کے لئے:

وظیفہ : سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ.

فضیلت : جو شخص سو مرتبہ روزانہ فجر کی نماز کے بعد ان کلمات کو پڑھ

لے گا اللہ تعالیٰ اس کو اتنا رزق عطا فرمائے گا کہ جگہ نہ ہوگی۔

30)......مُعزّز اور غنی بننے کے لئے:

وظیفہ : اَلْعَزِیْزُ

فضیلت : جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو مُعزّز اور غنی کر دے گا۔

31)......گناہوں کی عادت چُھڑوانے کے لئے:

وظیفہ : یَا مُؤْمِنُ روزانہ پابندی کے ساتھ **111** مرتبہ ان کلمات کو پڑھے سوتے وقت یَا مُهَیْمِنُ پڑھتے ہوئے سو جائیں۔

32)......گندھی باتوں سے نجات کے لئے:

وظیفہ : یَا حَمِیْدُ

فضیلت : جس شخص کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہو وہ ان کلمات کو نوے (90) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پانی پیئے اس کی فُحش گوئی کی عادت نکل جائے گی۔

33)......دل کا زنگ دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : یَا فَتَّاحُ

فضیلت : جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ان کلمات کو **70** مرتبہ پڑھے گا اس کے دل کا زنگ دور ہوگا۔

34)......نشے کی عادت دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : اَلْبَرُّ

فضیلت : جو شخص شراب نوشی، زنا کاری اور بدکاری میں گرفتار ہو

روزانہ سات مرتبہ یہ اِسم پڑھے انشاء اللہ گناہوں کی عادت چھوٹ جائے گی۔

35)......کینسر،شوگر ودیگرامراض کے لئے:

وظیفہ : رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْن

فضیلت : شوگر،کینسراوردیگر بیماریوں سے شفاء کے لئے صبح وشام اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پانی پی لیں۔

36)......بواسیر کی تکلیف ختم کرنی ہوتو:

وظیفہ : اگر کسی کو بواسیر کی تکلیف ہوتو فجر کی دوسنتوں میں پہلی رکعت میں اَلَمْ نَشْرَحْ اوردوسری رکعت میں سورۂ فیل پڑھے تکلیف دور ہوجائے گی۔

37)......جنّات کو دفع کرنا ہوتو:

وظیفہ : جس مکان میں جنّات کا شبہ ہو یا کسی انسان پر جنّات کا اثر ہو تو سورۂ فاتحہ،آیت الکرسی اورسورۂ جن کی شروع کی پانچ آیتیں پڑھ کر دَم کر کے چھڑک دیں جنّات چلے جائیں گے۔

38)......کامل ولی بننے کے لئے:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ.

فضیلت : اس دعا کو روزانہ 27 مرتبہ پڑھنے سے تمام مسلمانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں ملیں گی۔

39)......اولاد زندہ نہ رہتی ہوتو:

وظیفہ : وَنَجَّیْنٰہُ وَاَھْلَہٗ مِنَ الْکَرْبِ الْعَظِیْمِ .

فضیلت : اگر کسی کی اولاد مر جاتی ہو اور زندہ نہ رہتی ہو تو اس آیت کو روزانہ صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں مفید ثابت ہوگا۔

40)......اپنے عہدے پر بحال ہونے کے لئے:

وظیفہ : یَا کَبِیْرُ

فضیلت : جو شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس اِسم کو پڑھے وہ اپنے عہدے پر بحال ہو جائے گا۔

41)......اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کے لئے:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ.

فضیلت : اس دعا کو پڑھنے سے ہر چیز سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہوگی۔

42)......اللہ تعالیٰ کا قُرب پانے کے لئے:

وظیفہ : اَلْمُؤَخِّرُ

فضیلت : جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا اس کو اللہ تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

43)......دنیا کی محبت سے نجات کے لئے:

وظیفہ : اَلْقَھَّارُ

فــــضیـــــلـــــت : جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو تو اس اِسم کو **313** مرتبہ پڑھے دنیا کی محبت دل سے دور ہو جائے گی۔

44)......اولاد کی نیک نامی کے لئے:

وظیفہ : یَا مَتِیْنُ

فضیلت : جو شخص ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اس اِسم کو پڑھے اس کی اولاد نیک ہو جائے گی۔

45)......بیوی یا شوہر ناراض ہو جائے تو یہ پڑھیں:

وظیفہ : یَا مَا نِعُ

فــــضیـــــلـــــت : اگر بیوی ناراض ہو تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے پہلے بستر پر بیٹھ کر **20** مرتبہ ان کلمات کو پڑھے صلح ہو جائے گی۔

46)......زوجہ محبت کرے گی:

وظیفہ : یَا اَوَّلُ

فــــضیـــــلـــــت : جو شخص **100** مرتبہ اِن کلمات کو پڑھ لے اُس کی زوجہ اس سے محبت کریگی۔

47)......میاں بیوی میں جھگڑا ختم ہو جائے گا:

وظیفہ : یَا وَدُوْدُ

فــــضیـــــلـــــت : جو شخص ایک ہزار مرتبہ اس اِسم کو پڑھ کر کھانے پر دَم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھائے گا تو میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو جائے گا اور باہمی محبت پیدا ہو گی۔

48)......بیوی کو نیک بنانے کے لئے:

وظیفه : اَلْوَلِیُّ

فضیلت : جو شخص اپنی بیوی کی بُری عادتوں اور خصلتوں سے خوش نہ ہو بیوی جب اس کے سامنے آئے وہ اس اِسم کو پڑھے وہ نیک خصلت ہو جائے گی۔

49)......ہر قسم کے درد کو دور کرنے کے لئے:

وظیفه : یَاغَنِیُّ

فضیلت : چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے اِن کلمات کو پڑھنے سے ریڑھ کی ہڈی گھٹنوں اور جوڑوں اور جسم کا درد جاتا رہے گا۔

50)......درد سے نجات کے لئے:

وظیفه : یَا مُغْنِیُ

فضیلت : اکیس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر ہاتھوں پر دَم کر کے درد کی جگہ مَلْنے سے سکون ہوگا۔

51)......گیس کی بیماری سے نجات:

وظیفه : یَا مُحْیِیُ

فضیلت : جو شخص سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر سینے پر دَم کرے اس کو گیس کی بیماری سے افاقہ ہوگا۔

52)......یرقان کے خاتمے کے لئے:

وظیفه : سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَالْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ. اور

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ 162 مرتبہ پڑھ کر

فضیلت: پانی پر دَم کر کے مریض کو کثرت سے پلائیں بہت مجرب ہے۔

53)......ظالم سے پیچھا چُھڑانے کے لئے:

وظیفہ: یَارَءُوۡفُ

فضیلت: جو شخص دس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر ظالم سے بات کرے وہ ظالم اس کی سفارش قبول کرے گا۔

54)......دشمن اغوا نہیں کر سکے گا:

وظیفہ: یَاقَادِرُ

فضیلت: جو شخص ان کلمات کو دورانِ وضو ہر عَضُو کو دھوتے ہوئے پڑھنے کا معمول بنالے دشمن اس کو اغوا نہیں کر سکے گا۔

55)......ظلم وقہر سے حفاظت کے لئے:

وظیفہ: اَلۡجَبَّارُ

فضیلت: جو شخص روزانہ صبح وشام 226 مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا وہ ظالموں کے ظلم وقہر سے محفوظ رہے گا۔

56)......دانت یا داڑھ میں درد ہو تو:

وظیفہ: هُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡشَاَكُمۡ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡئِدَةَ ط قَلِیۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ o

فضیلت: جس کے دانت یا داڑھ میں درد ہو اس کو (کھال کے اوپر سے) اُنگلی سے دبا کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

57)......مشکل آسان کرنے کے لئے:

وظیفہ : یَاقَادِرُ

فضیلت: جو شخص مشکل کے وقت **41** مرتبہ ان کلمات کو پڑھ لے اُس کی مشکل آسان ہو جائے گی۔

58)......ہر آفت و بلا سے حفاظت:

وظیفہ : یَا مُھَیْمِنُ

فضیلت : جو شخص روزانہ **29** مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا وہ ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔

59)......مصیبت سے نجات کے لئے:

وظیفہ : یَا وَکِیْلُ

فضیلت : جو شخص سات مرتبہ روزانہ عصر کے وقت ان کلمات کو پڑھ لیا کرے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

60)......بلغمی امراض کے خاتمے کے لئے:

وظیفہ : جس شخص کو بلغمی مرض ہو وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیۃ الکرسی دَم کرے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھالے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل شفاء ہو گی۔

61)......تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو:

وظیفہ : یَاوَاحِدُ

فضیلت : جو شخص ان کلمات کو ایک ہزار ایک **1001** مرتبہ تنہائی میں

پڑھ لے تو اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا۔

62)......خوف ونقصان سے حفاظت کے لئے:

وظیفہ: اَلْمُؤْمِنُ

فضیلت: جو شخص کسی خوف کے وقت اس اِسم کو چھ سوتین 603 مرتبہ پڑھے گا تو ہر خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

63)......غُصَہ دور کرنے کے لئے:

وظیفہ: وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ o

فضیلت: غصہ دور کرنے کے لئے 101 مرتبہ 21 دن تک چینی پر دَم کرکے پلائیں۔

64)......غضب ٹھنڈا کرنے کے لئے:

وظیفہ: یَارَءُوْفُ

فضیلت: جو شخص دس مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ اس اِسم کو پڑھے تو اس کا غُصّہ رَفع ہوجائے گا اور اگر دوسرے غضبناک شخص پر دَم کرے تو اس کا غصہ بھی رفع ہوجائے گا۔

65)......خاوند کے غصّہ کو دور کرنے کے لئے:

وظیفہ: جس عورت کے خاوند کو غصہ آتا ہو تو جب بھی شوہر کو پانی دے 2 0 مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پلائے غصّہ ختم ہو جائے گا۔

66)......جادو سے حفاظت کے لئے:

وظیفہ : یَامُمِیْتُ

فضیلت : جو شخص سات مرتبہ روزانہ ان کلمات کو پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیا کرے گا اس پر جادو اثر نہیں کرے گا۔

67)......بچہ بالغ ہونے تک حفاظت میں:

وظیفہ : اَلْبَرُّ

فضیلت : جو شخص اپنے بچے پر پیدا ہونے کے بعد ہی سات مرتبہ اس اِسم کو پڑھ کر بچے پر دَم کرے اور اللہ تعالیٰ کے سُپرد کردے تو اللہ تعالیٰ اس بچے کو بالغ ہونے تک تمام آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔

68)......مخلوق کی محتاجی سے بچنے کے لئے:

وظیفہ : یَا حَکِیْمُ

فضیلت : جو شخص ان کلمات کو روزانہ **80** مرتبہ پڑھ لے وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

69)......مقدمے میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے:

وظیفہ : وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ م بِالْعِبَادِ o

فضیلت : جس شخص پر مقدمہ چل رہا ہو یا اس پر دعویٰ کیا ہوا ور حق پر ہو تو روزانہ ایک سو **100** مرتبہ اس دعا کو پڑھنے سے مقدمے میں کامیاب اور کامران ہوگا۔

70)......شیطانی وسوسوں سے نجات کے لئے:

وظیفہ : اَلْمُقْسِطُ

فضیلت : جو شخص روزانہ اس اِسم کو **313** مرتبہ پڑھے گا وہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

71)......مال کو چوری سے محفوظ رکھنے کے لئے:

وظیفہ : یَاجَلِیْلُ

فضیلت : جو شخص اِن کلمات کو دس مرتبہ پڑھ کر مال یا رقم پر دَم کر دے وہ مال چوری سے محفوظ رہے گا۔

72)......حصار باندھنے کا طریقہ:

وظیفہ : اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں درمیان میں گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں یہ عمل چوبیس گھنٹے میں ایک بار کریں۔

فضیلت : جو کوئی روزانہ حصار باندھ لے گا ہر حادثے، ڈکیتی اور دشمن کی نگاہ سے اُوجھل رہے گا۔

73)......عزیز و اقارب کو جمع کرنے کے لئے:

وظیفہ : یَاجَامِعُ

فضیلت : جس شخص کے عزیز و اقارب منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غُسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے دس مرتبہ یہ اِسم پڑھے اور ایک اُنگلی بند کر لے اسی طرح ہر دس مرتبہ پر ایک اُنگلی بند کرتا جائے آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے انشاء اللہ سارے عزیز و اقارب جمع ہو جائیں گے۔

74)......اچانک موت سے محفوظ رہے گا:

وظیفہ : یَابَصِیْرُ

فضیلت : جو شخص سات مرتبہ روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان ان کلمات کو پڑھے گا وہ اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

75)......چہرہ نورانی بنانے کے لئے:

وظیفہ : اَلْخَالِقُ

فضیلت : جو شخص ہمیشہ اس اِسم کا ورد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کردیتا ہے جو اس کی ہمیشہ عبادت کرے گا جس سے پڑھنے والے کا چہرہ منور رہے گا۔

76)......ڈراؤنے خواب سے نجات کے لئے:

وظیفہ : یَامُتَکَبِّرُ

فضیلت : جو شخص **21** مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا وہ خواب میں نہیں ڈرے گا۔

77)......بُرے خواب سے نجات کے لئے:

وظیفہ : اگر کسی کو سونے کے بعد بُرے خواب، خیالات اور وسوسے آتے ہوں تو سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ سونے سے پہلے نو مرتبہ پڑھ لے فضل و کرم ہوگا۔

78)......دست کی بیماری کو ختم کرنے کے لئے:

وظیفہ : سورۂ قدر (اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ)

فضیلت : بسم اللہ شریف کے ساتھ **14** مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر دَم کر کے پانی نہار منہ پئیں۔

79)......حاکم، افسر مہربان ہوجائیں گے:

وظیفہ : یَا عَزِیْزُ

فضیلت : جو شخص ان کلمات کو **41** مرتبہ پڑھ کر کسی جائز کام کے لئے حاکم یا افسر کے پاس جائے گا تو وہ اس پر مہربان ہوجائے گا۔

80)......جوڑوں اور گھٹنوں کا درد ختم کرنے کے لئے:

وظیفہ : ہر نماز کے بعد یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ گیارہ مرتبہ اور یَا حَیُّ سترہ مرتبہ پڑھے درد ختم ہوجائے گا۔

81)......عبادت میں دل نہ لگتا ہو تو:

وظیفہ : یَااَللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَاقَادِرُ

فضیلت : جو شخص **121** مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ، تو اس کا عبادت میں دل لگ جائے گا۔

82)......اگر بیٹے کی خواہش ہو:

وظیفہ : یَامُتَکَبِّرُ

فضیلت : جو شخص اپنی زوجہ سے ملاپ سے پہلے دس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ لے گا اس کے ہاں نیک بیٹا پیدا ہوگا۔

83)......اولادِ نرینہ کے لئے:

وظیفہ : یَا بَارِیُٔ

فضیلت : جو شخص ہر جمعہ کو دس مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا اُس کو بیٹا عطا ہوگا۔

84)......اولاد کے حصول کے لئے:

وظیفہ : یَاخَالِقُ یَا بَارِئُ یَامُصَوِّرُ

فضیلت : بے اولاد عورت اس اِسم مبارک پر اس طرح عمل کرے کہ سات روزے رکھے اور ہر روزافطار کے وقت ان تین ناموں کو 21 مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دَم کرے اور اس پانی سے افطار کرے تو اسے اولاد حاصل ہوگی۔

85)......کمر کے درد سے چھٹکارے کے لئے:

وظیفہ : اگر کسی کی کمر میں درد ہو تو پانچوں وقت کی نماز باقاعدگی سے ادا کرے اور ظہر کی نماز کے بعد ایک سو اکتالیس (141) مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا حَکِیْمُ کا ورد کرے انشاءاللہ درد دور ہوجائے گا۔

86)......دعا کی قبولیت کے لئے:

وظیفہ : یَاوَھَّابُ

فضیلت : جو شخص روزانہ سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔

87)......مستجاب الدّعوات بننے کے لئے:

وظیفہ : یَا رَافِعُ

فضیلت : جو شخص روزانہ 20 مرتبہ اِن کلمات کو پڑھے گا اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔

88)......جو دُعا مانگے قبول ہو:

وظیفہ : یَاسَمِیْعُ

فضیلت : جو شخص روزانہ اِن کلمات کو 100 مرتبہ پڑھے گا اور پڑھنے کے

دوران گفتگو نہ کرے گا پھر جو دعا مانگے گا قبول ہو گی۔

89)......جائز مراد کے لئے:

وظیفہ : یَا خَافِضُ

فضیلت : جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

90)......کان کے درد سے نجات کے لئے:

وظیفہ : اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یَا سَمِیْعُ تین مرتبہ پڑھ کر روئی پر دَم کر کے کان میں رکھ لے انشاءاللہ آرام آ جائے گا۔

91)......عزت وہ شہرت پانے کے لئے:

وظیفہ : مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِم

فضیلت : جو شخص فجر کے بعد روزانہ ان کلمات کو دس مرتبہ پڑھے گا اس کو عزت و شہرت ملے گی۔

وظیفہ : اَلْعَزِیْزُ

فضیلت : جو شخص فجر کے بعد اکتالیس (41) مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا وہ عزت پائے گا۔

92)......پیٹ کے درد کو دُور کرنے کے لئے:

وظیفہ : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا فِیْھَا غَوْلٌ وَّلَا ھُمْ عَنْھَا یُنْزِفُوْنَ.

فضیلت : تین مرتبہ یہ دُعا پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مریض کو پلا دیں

شفاء نصیب ہو گی۔

93)......منہ کی بدبو دور کرنے کے لئے:

وظیفہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الطَّاهِرِ

فضیلت: جو شخص ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا منہ کی بدبو جو بدبو دار چیزیں کھانے کی وجہ سے ہو جاتی ہے دور ہو جائے گی۔

94)......لڑکیوں کی شادی کے لئے وظیفہ:

وظیفہ: لڑکی کے والدین یا سرپرست عشاء کی نماز کے بعد ایک سو پچاس مرتبہ یَا لَطِیْفُ اور اوّل آخر درود شریف پڑھیں جب تک شادی نہ ہو اس کا ورد رکھیں۔

95)......آنکھوں کی روشنی بڑھانے کے لئے:

وظیفہ: یَابَصِیْرُ

فضیلت: جو شخص نمازِ جمعہ کے بعد سو مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا اس کی آنکھوں کی روشنی بڑھے گی اور دل میں نور پیدا ہو گا۔

96)......دل میں نور پیدا ہو گا:

وظیفہ: اَلظَّاهِرُ

فضیلت: جو شخص اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کی روشنی بڑھے گی اور دل میں نور پیدا ہو گا۔

97)......طاعون سے حفاظت کے لئے:

وظیفہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْفَعُ بِهَا عَنَّا الطَعَنِ الطَّاعُوْنِ.

فضیلت : جو شخص ان کلمات کا ورد رکھتا ہے وہ طاعون سے محفوظ رہے گا۔

98)......اگر سر کے بال گرتے ہوں:

وظیفہ : اگر سر کے بال گرتے ہوں تو ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ (313) مرتبہ یَااَللّٰهُ یَا بَارِئُ یَا کَبِیْرُ پڑھ کر بالوں پر دم کر لیں۔

99)......پوشیدہ راز ظاہر ہوں گے:

وظیفہ : اَلْخَبِیْرُ

فضیلت : جو شخص سات روز تک یہ اِسم 313 مرتبہ پڑھے گا اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہوں گے۔

100)......اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے:

وظیفہ : اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے یا چہرہ کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ (111) مرتبہ یَا اللّٰهُ یَا مُصَوِّرُ یَا مَلِکُ پڑھ کر ہاتھوں پر دَم کر کے چہرے پر پھیرے بہت فائدہ ہوگا۔

101)......سرکار ﷺ کی محبت پیدا کرنے کے لئے:

وظیفہ : اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ.

فضیلت : جو شخص اس درود شریف کا ورد رکھے گا اس کے دل میں سرکارِ اعظم ﷺ کی لازوال محبت پیدا ہوگی۔

102)......امتحان میں کامیابی کا وظیفہ:

وظیفہ : یَاحَسِیْبُ

فضیلت : اگر کسی طالبِ علم کو امتحان کا نتیجہ بُرا آتا معلوم ہو تو وہ گیارہ سو گیارہ(1111)مرتبہ تین دن تک ایک وقت میں باوضو قبلہ رُو ہو کر پڑھے انشاءاللہ نتیجہ حسب مراد ہوگا۔

103)......علماء و صلحاء میں عزت پانے کے لئے:

وظیفہ : یَاکَرِیْمُ

فضیلت : جو شخص روزانہ سوتے وقت اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو علماء و صلحاء میں عزت عطا فرمائے گا۔

104)......شادی میں رکاوٹ ہو تو:

وظیفہ : یَااَللّٰہُ یَا لَطِیْفُ یَارَحِیْمُ

فضیلت : اگر شادی میں رکاوٹ ہو تو ہر نماز کے بعد دو سو بائیس(222) مرتبہ ان کلمات کو پڑھے۔

105)......مخلوق اس پر مہربان ہوگی:

وظیفہ : یَارَحِیْمُ

فضیلت : جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا وہ تمام دنیوی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور تمام مخلوق اس پر مہربان ہوگی۔

106)......اگر نیند نہ آتی ہو تو:

وظیفہ : لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ o

فضیلت : رات کو سوتے وقت سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد

ان کلمات کو باربار دہرائے انشاءاللہ نیند بہت اچھی آئے گی۔

107)......حاسدین کی زبانیں بند کروانے کے لئے:

وظیفہ: اَلصَّبُوْرُ

فضیلت: جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو **(100)** مرتبہ اس اِسم کو پڑھے وہ اس دن ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں ، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی کوئی شخص کسی بھی طرح کی مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اِسم کو پڑھے انشاءاللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

108)......دل کے روحانی امراض سے شفاء کے لئے:

وظیفہ: اَلْقُدُّوْسُ

فضیلت: جو شخص روزانہ زوال کے بعد اس اِسم کو **313** مرتبہ پڑھے گا انشاءاللہ اس کا دل روحانی امراض سے پاک ہوجائے گا۔

109)......دانتوں کے درد کا خاتمہ:

وظیفہ: اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جس کے دانتوں میں درد ہوتو وہ وِتر کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نصر پڑھے ، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ لہب پڑھے اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اگر اس نے ایسا عمل کیا تو انشاء اللہ اس کے دانت اتنے مضبوط ہوجائیں گے کہ اگر سو سال بھی زندہ رہا تو گنا کھائے گا۔

110)......علم و معرفت کے لئے:

وظیفہ : یَا عَلِیْمُ

فضیلت : جو شخص 313 مرتبہ اس اِسم کو پڑھے گا اس پر علم و معرفت کے دروازے اللہ تعالیٰ کھول دے گا۔

111)......دل میں علم و حکمت پیدا ہوگی:

وظیفہ : یَابَاعِثُ

فضیلت : جو شخص سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر 101 مرتبہ یہ اِسم پڑھے اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔

112)......ہر کام میں کامیابی کے لئے:

وظیفہ : اَلْمُتَکَبِّرُ

فضیلت : جو شخص کسی کام کی ابتداء میں اس اِسم کو 313 مرتبہ پڑھے گا اس کام میں اس کو کامیابی نصیب ہوگی۔

113)......گردے میں پتھری ہو تو:

وظیفہ : روزانہ چار گلاس پانی پر سورۂ یونس ایک مرتبہ پڑھ کر یا پڑھوا کر دَم کریں پھر نہار منہ ایک یا دو گلاس پئیں پھر پورا دن اس بوتل سے پانی پئیں یہ عمل روزانہ کریں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

114)......دشمن پر فتح حاصل ہوگی:

وظیفہ : اَلْخَافِضُ

فضیلت : جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک جگہ بیٹھ کر ستر مرتبہ اس اِسم کو پڑھے تو اس کو دشمن پر فتح نصیب ہوگی۔

115)......دشمن کے شر سے حفاظت:

وظیفہ : یَامُذِلُّ

فضیلت : جو شخص 75 مرتبہ اس اِسم کو پڑھے پھر خاص دشمن کا نام لے کر مسجد میں یہ دُعا کرے اے اللہ فلاں دشمن کے شر سے محفوظ رکھ وہ محفوظ رہے گا۔

116)......گمشدہ کو بلانے کے لئے:

وظیفہ : یَامُعِیْدُ

فضیلت : جب گھر کے تمام افراد سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں 70 مرتبہ اس اِسم کو پڑھے انشاء اللہ سات دن میں گمشدہ شخص واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

117)......نوکری نہ ملتی ہو:

وظیفہ : یَااَللّٰہُ یَا بَاسِطُ

فضیلت : روزانہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ان کلمات کو پڑھیں اچھی نوکری مل جائے گی۔

118)......سُستی کاہلی دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

فضیلت : فجر کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک اس اِسم کو پڑھے اس کی سُستی و کاہلی دور ہو جائے گی۔

119)......گھر سے جنّات دور کرنے کے لئے وظیفہ:

وظیفہ : سورۂ نصر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں اکتالیس (41) دن تک چھڑکیں انشاءاللہ مکان سے

جن چلا جائے گا۔

120)......کسی کام کی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو:

وظیفہ: یَا رَشِیْدُ

فضیلت: جس شخص کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو تو وہ مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ اس اِسم کو پڑھے تو انشاء اللہ یا تو خواب میں تدبیر اس کی نظر میں آجائے گی یا دل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔

121)......پاگل پن اور جنون ختم کرنے کے لئے:

وظیفہ: تین دن تک صبح و شام سورۂ فاتحہ پڑھ کر دَم کرنا اور ہر مرتبہ ختم سورہ پر تھوک منہ میں جمع کرکے دیوانے پر ڈالنا بھی دفع دیوانگی کے لئے مجرّب ہے۔

122)......سواری بخیر و عافیت پہنچ جائے گی:

وظیفہ: یَا نَافِعُ

فضیلت: جو شخص **313** مرتبہ اس اِسم کو سواری میں سوار ہونے کے بعد پڑھے گا وہ بخیر و عافیت پہنچ جائے گا۔

123)......نماز میں دل لگانے کا وظیفہ:

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَا قَادِرُ

فضیلت: ان کلمات کو سونے سے پہلے اکیس **(21)** مرتبہ پڑھنے سے نماز میں اور دیگر عبادات میں دل لگے گا۔

124)......نیک اعمال مقبول کیسے ہوں:

وظیفہ : اَلْبَاقِیُ

فضیلت : جو شخص اس اسم کو جمعہ کی رات ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا اس کے تمام نیک اعمال مقبول ہوں گے۔

125)......نیند میں ڈرنے اور گھبرانے کا علاج:

وظیفہ : اَعُوْذُ بِاللّٰهِ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ.

فضیلت : نیند میں ڈر لگے تو اکیس مرتبہ پڑھے انشاءاللہ ڈر بالکل ختم ہو جائے گا۔

126)......اگر آنکھ دکھتی ہو تو:

وظیفہ : فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ.

فضیلت : تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھیں آنکھ کا درد ختم ہو جائے گا۔

127)......زہریلے جانور کے کاٹنے کا علاج:

وظیفہ : رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○

فضیلت : جس جگہ زہریلا جانور کاٹ لے اس مقام پر انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر چھینٹا مارے یا کان میں دم کرے۔ انشاءاللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

128)......جگر میں درد ہو تو:

وظیفہ : تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

فضیلت : جگر کی بیماری دور کرنے کے لئے اس آیت کو اکیس **(21)** مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلائیں۔

129)......معدہ کمزور ہو گیا ہو تو:

وظیفہ : کسی کے معدہ میں اگر کمزوری ہو تو سورۂ قدر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دَم کرے اور مریض کو پلائیں تین دن تک یہ عمل کریں شفاء ہو گی۔

130)......سر میں درد ہو تو:

وظیفہ : لَایُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یَنْزِفُوْنَ o

فضیلت : جس کو دردِ سر ہو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر سر پر دَم کرے دَرد دُور ہو جائے گا۔

131)......قرض غیب سے ادا ہو جائے گا:

وظیفہ : یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ .

فضیلت : جو شخص روزانہ اس دعا کو سو مرتبہ پابندی سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کا قرض غیب سے ادا فرما دے گا۔

132)......بھوک نہ لگتی ہو:

وظیفہ : وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ.

فضیلت : اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو اس آیت کو اکیس **(21)** مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پیا جائے انشاءاللہ بھوک لگے گی۔

133)......بدہضمی کا علاج:

وظیفہ : وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ

اِلَّا مُبَشِّراً وَّنَذِیْراًo

فضیلت: اگر کسی کو بدہضمی ہو جائے تو اس آیت کو کھانا کھانے کے بعد سات مرتبہ نمک پر دَم کر کے کھالیں بدہضمی دور ہو جائے گی۔

134)......پھلوں میں مٹھاس کے لئے:

وظیفہ: فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o

فضیلت: اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر پھل کو تراشیں انشاءاللہ پھل میں مٹھاس ہوگی۔

135)......آسیب سے بچاؤ کے لئے:

وظیفہ: وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ o

فضیلت: اس دُعا کو تین مرتبہ پانی پر دَم کر کے آسیب زدہ کو پلا دیں۔ انشاءاللہ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔

136)......شہادت کا رتبہ کیسے ملے:

وظیفہ: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص صبح کو تین مرتبہ یہ پڑھے:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ o

پھر سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں ایک مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر ستر ہزار فرشتے مقرر کردیتا ہے جو شام تک اس کے لئے استغفار کرتے رہتے ہیں اور اگر اس دن اُسے موت آگئی تو شہیدوں میں اٹھایا جائے گا اور جو شام کو پڑھے تو اس کو بھی یہی درجہ حاصل ہوگا یعنی ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کے لئے استغفار

کرتے رہیں گے اور اگر اس رات میں مر گیا تو شہیدوں میں اُٹھایا جائے گا۔(مشکوٰۃ)

137)......جادو کے توڑ کے لئے:

وظیفہ: اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اِنْ یَّشْفِیْکَ.

فضیلت: سات مرتبہ یہ دُعا پڑھ کر مریض پر دَم کریں جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

138)......پاگل پن، کوڑھ، اندھاپن، فالج سے بچاؤ:

وظیفہ: سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

فضیلت: فجر کی نماز پڑھنے کے بعد جو شخص اس دعا کو تین مرتبہ پڑھنے کا ہمیشہ معمول بنالے گا وہ مذکورہ چاروں بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

139)......مقروض قرض واپس نہ کرے تو کیا کریں:

وظیفہ: یَااَللّٰہُ یَافَتَّاحُ یَا جَامِعُ

فضیلت: اگر کوئی شخص رقم واپس نہ کرتا ہو تو یہ اسماءِ مبارکہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے۔

140)......مالیخولیا اور سودا کا علاج:

وظیفہ: سورۂ فلق، سورۂ ناس اور مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو ہو کر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مالیخولیا کے مریض پر دَم کریں انشاءاللہ بہت جلد افاقہ ہوگا:

مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ.

141)......مرگی کے دورے کا علاج:

وظیفہ: اگر کوئی شخص مرگی سے بے ہوش ہو جائے تو اس کے سیدھے کان میں پوری اذان اور الٹے کان میں اقامت سات بار کہیں اُسے ہوش آجائے گا۔

142)......مرگی کا علاج:

وظیفہ: جو شخص سورۂ سجدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ اسے مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

143)......آدھے سر کے درد کا علاج:

وظیفہ: اگر کسی کے آدھے سر میں درد ہو تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دَم کرے آدھے سر کا درد ختم ہو جائے گا۔

144)......اَبرو کے درد کا علاج:

وظیفہ: وَلَوْ اَنَّمَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ.

فضیلت: اگر کسی کے ابرو میں درد ہو تو اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دَم کرے۔

145)......موتیا بند کا علاج:

وظیفہ: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ

فضیلت: ہر فرض نماز کے بعد یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر اُنگلی پر پھونک

مار کر آنکھوں پر پھیرنا موتیا بند کے لئے مفید ہے۔

146)......علاج برائے نکسیر:

وظیفہ : مریض کی پیشانی پر لِکُلِّ نَبَاءٍ مُّسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لکھنے سے انشاءاللہ نکسیر بند ہو گی۔

147)......نزلہ وزکام کا علاج:

وظیفہ : تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دَم کیا جائے تو انشاءاللہ وہ اچھا ہو جائے گا۔

148)......ناک کے درد کا علاج:

وظیفہ : وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا.

فضیلت : ناک میں درد ہونے کی صورت میں مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دَم کرنے سے اللہ تعالیٰ درد کو دور فرمادے گا۔

149)......دانت کے ہلنے کا علاج:

وظیفہ : مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نفل بنیّتِ ایصالِ ثواب حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ اس طرح پڑھے کہ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے انشاءاللہ دانتوں کا ہلنا بند ہو جائے گا۔

150)......منہ اور پھنسیوں کا علاج:

وظیفہ : سورہ وَالضُّحٰی اکتالیس **(41)** مرتبہ چینی پر دَم کر کے چبانے سے انشاءاللہ پھنسیاں اور چھالے ختم ہو جائیں گے۔

151)......زبان بند ہو جانے کا علاج:

وظیــــــــفـــــــــہ : ہر روز فجر اور نمازِ مغرب کے بعد انتہائی یکسوئی اور توجہ کے ساتھ سورہ وَالتِّیْـــــــــــــــــــنِ اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بند زبان کُھل جائے گی۔

152)......درد گردن کا علاج:

وظیــفــه : اَلْـحَـمْـدُ لِـلّٰـــهِ رَبِّ الْـعَـــالَـمِـیْـنَ حَسْبُـنَــااللّٰـــهُ وَنِـعْـمَ الْـــوَکِـیْـــلُ فَتَبَـــارَکَ الـــلّٰـــهُ اَحْسَـــنُ الْـــخَـــالِـــقِیْـــنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ .

فـــضـــیـــلـــت : بعد نماز فجر اکتالیس (41) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر گردن پر دَم کیا جائے انشاءاللہ گردن کا درد جاتا رہے گا۔

153)......داغ دھبوں کا علاج:

وظیفه : مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا

فـــضـــیـــلـــت : اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ دھبہ ہو اور اُسے دور کرنا مقصود ہو تو اکتالیس (41) مرتبہ دوا یا مرہم پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دَم کریں اور پھر وہ دوا یا مرہم استعمال کریں انشاء اللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

154)......سینے کے درد کا علاج:

وظیفه : سورۂ فاتحہ اور سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ باوضو ہو کر سات سات مرتبہ پڑھ کر دَم کرے اگر کوئی خود پڑھنا چاہے تو اپنا سیدھا ہاتھ سینے پر رکھتے ہوئے پڑھے انشاءاللہ درد ختم ہو جائے گا۔

155)......دست آنے اور پیچش کا علاج:

وظیـــــفـــــــہ: اگر کسی کو دست آتے ہوں تو سات دن تک یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پانی پر دَم کرکے پلایا جائے:

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّ الَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَo

156)......بھوک کی کمی کا علاج:

وظیفہ: وَالَّذِیْ ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ

فضیلت: اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس **(41)** مرتبہ یہ آیت کھانے پر دَم کرکے کھلایا جائے۔

اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس **(21)** مرتبہ پانی پر دَم کرکے پلایا جائے انشاءاللہ بھوک خوب لگے گی۔

157)......بھوک کی زیادتی کا علاج:

وظیفہ: یَا صَمَدُ

فـــضـیـــلـــت: تین سو مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر کھانے پر دَم کرکے کھانا بھوک کی زیادتی کو دفع کرتا ہے۔

158)......نامردی کا علاج:

وظیـــــفـــــــہ: ہر روز نمازِ فجر کے بعد باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ کی آیت مبارکہ:

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

تین سو مرتبہ پڑھیں یہ عمل ایک سو بیس دن تک کریں انشاء اللہ سُستی نامردی کا خاتمہ ہوجائے گا۔

159)......جریان کا علاج:

وظیـــــفـــــــہ: جریان کے مریض کو سورۂ حجرات تین مرتبہ پانی پر دَم کرکے

اکتالیس (41) روز تک پلایا جائے انشاءاللہ شفاء ہو جائے گی۔

160)......کثرتِ احتلام کا علاج:

وظیفہ: بستر پر جاتے وقت سورۂ طارق پڑھ لیا کریں تو کبھی کثرتِ احتلام کا مرض نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہو جائے گا بہت مجرّب ہے۔

161)......کثرتِ حیض کا علاج:

وظیفہ: حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۂ دھر پانی پر دَم کر کے پلایا جائے انشاء اللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

162)......بواسیر کا علاج:

وظیفہ: دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ دوسری رکعت میں سورۂ فیل اور سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ یہ پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ رَبِّیْ

جب تک بواسیر کی شکایت رہے روزانہ عمل کرتا رہے انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

163)......انگلیوں کے درد کا علاج:

وظیفہ: انگلیوں پر کسی طرح کی تکلیف ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت تِل کے تیل پر دَم کر کے مالش کیا جائے انشاء اللہ تکلیف دور ہو جائے گی: لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ

164)......پاؤں کی انگلیوں کا علاج:

وظیفہ: اگر پاؤں کی انگلیوں میں کوئی تکلیف ہو تو ایک سو ایک مرتبہ یہ

آیت پانی پر دَم کر کے پلانا نہایت مجرّب ہے۔

165)......بخار اُتارنے کا طریقہ:

وظیفہ : بخار کے مریض کی پشت پر انگلی سے کلماتِ اذان لکھیں انشاءاللہ فوراً بخار اُتر جائے گا۔

166)......یرقان ختم کرنے کا طریقہ:

وظیفہ : اَلْحَسِیْبُ

فضیلت : تین سو مرتبہ اسمِ باری تعالیٰ کو پانی پر دَم کر کے اکیس **(21)** دن تک پلانے سے انشاءاللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

167)......خارش کا علاج:

وظیفہ : حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کہ صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ قدر پانی پر دَم کر کے پلانا خارش کے لئے بہت مفید ہے ۔

168)......جزام کا علاج:

وظیفہ : وَاَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ.

فضیلت : اس آیت کو پڑھ کر جزام کے مریض پر دَم کرنے سے مرض جاتا رہے گا۔

169)......کینسر کا علاج:

وظیفہ : فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس **(41)** مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، رحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری سورۃ فاتحہ پڑھ کر کسی چیز پر دَم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر

کے مریض کو پلانا نہایت مجرّب ہے۔

170)......لقوہ سے حفاظت کا طریقہ:

وظیفہ: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اُسے کبھی بھی لقوہ نہ ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر روز اشراق کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ وَالشَّمْسِ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اسے لقوہ سے محفوظ رکھے گا اور وہ کبھی بھی اس مرض کا شکار نہ ہوگا۔

171)......طاعون اور ہیضہ کا علاج:

وظیفہ: ایک مرتبہ ملتان میں طاعون پھیلا ایک بزرگ نے اپنے معتقدین سے فرمایا کہ طاعون کے مریض پر سورۃ فاتحہ اور بسم اللہ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر دَم کردیا کرو چنانچہ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر جس پر دَم کیا گیا اللہ تعالیٰ نے اُن مریضوں کو شفاء بخشی۔

172)......جوڑوں کے درد کا علاج:

وظیفہ: جس جگہ پر درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر دس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۃ کافرون پڑھ کر دَم کرے اور چھوڑ دے پھر مریض سے دریافت کرے کہ آرام آیا یا نہیں اگر نہ آیا تو دوبارہ اسی طرح کرے تین بار کے کرنے سے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

173)......دل کے آپریشن سے حفاظت کا وظیفہ:

وظیفہ: دل کمزور ہو گیا ہو دل کے وال بند ہوں یا دل کی رگیں بند یا کمزور ہوگئی ہوں جس کی وجہ سے (انجو پلاسٹی) یا (بائی پاس) کی ضرورت ہو بلکہ دل کے ہر مرض کو دور کرنے کے لئے سورۃ

القریش ایک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے اس سورت کو لکھ کر مریض کو پلائے انشاءاللہ دل کی تمام بیماریاں دور ہوں گی۔

174)......روزگار میں برکت کے لئے:

وظیفہ: یَا لَطِیْفُ

فضیلت: روزانہ سو مرتبہ پڑھنے سے روزگار میں برکت ہوگی۔

175)......ایمان پر خاتمے کا وظیفہ:

وظیفہ: اَبُو الْعَبَّاسِ بَلْیَابِنُ مَلْکَانُ

فضیلت: یہ حضرت خضر علیہ السلام کا نام مع ولدیت وکنیت ہے جو مسلمان اس کو یاد رکھے گا اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

176)......دین، جان، مال، بچے کی حفاظت کا وظیفہ:

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ

فضیلت: تین تین مرتبہ صبح وشام اس دعا کو پڑھنے سے دین، ایمان، جان، مال اور اولاد سب محفوظ رہیں گے۔

177)......شیطان اور اس کے لشکر سے بچاؤ کے لئے:

وظیفہ: صبح کے وقت گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی جائے۔

فضیلت: اس کے پڑھنے سے اگر شیطان مع اپنے لشکر کے کوشش کرے کہ اس سے گناہ کرائے تو بھی نہ کرا سکے گا جب تک بندہ خود گناہ نہ کرے۔

178)......آنکھوں کی بینائی تیز کرنے اور اندھے پن سے بچاؤ کے لئے:

وظیفہ : جو شخص نام محمد ﷺ پر انگوٹھے چومنے کی عادت بنا لے اس شخص کی آنکھوں کی روشنی تیز ہوگی اور ایسا شخص کبھی اندھا نہیں ہوگا۔

(179)......دل کے دورے سے نجات کے لئے:

وظیفہ : جو شخص سوتے وقت اپنا چہرہ قبلہ کی طرف رکھے اور اپنا سیدھا ہاتھ اپنے سیدھے رُخسار کے نیچے رکھ کر سوئے ایسے شخص کو کبھی بھی دل کا دورہ یا دل کی بیماریاں نہیں ہوں گی۔

(180)......شہادت کے حصول کے لئے:

وظیفہ : اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ شَهَادَةً فِیْ سَبِیْلِکَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِکَ ﷺ

فضیلت : ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ایک مرتبہ پڑھنے سے مدینہ منورہ میں شہادت کی موت نصیب ہوگی۔

(181)......کاروبار میں برکت کے لئے:

وظیفہ : سرکارِ اعظم ﷺ نے حضرت جبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ کیا تو چاہتا ہے کہ جب تو سفر کے لئے نکلے تو اپنے ساتھیوں سے حالت اور سہولت میں بہتر ہو اور ان سے بڑھ کر ہو۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا تم ان پانچ سورتوں کو پڑھ کر لیا کرو:

(1) سورۂ کافرون (2) سورۂ نصر (3) سورہ اخلاص (4) سورہ فلق (5) سورۂ ناس ۔ ہر ایک سورت کو بسم اللہ پڑھ کر شروع کر و حضرت جُبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان سورتوں کی برکت سے میں بہت مالدار ہو گیا اور جیسا آپ ﷺ نے فرمایا تھا ویسا ہی ہو گیا۔

182)......پوری دنیا میں سب سے زیادہ عمل بُلند کرنے کے لئے:

وظیفہ : تینتیس(33)مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ، تینتیس(33)مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ،چونتیس(34)مرتبہ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور ایک مرتبہ چوتھا کلمہ ہر فرض کے بعد یہ عمل کرے۔

فضیلت : اس کے پڑھنے والے کے برابر اُس دن پوری دنیا میں کسی کا عمل اس سے زیادہ نہ ہوگا مگر جو اس کی طرح عمل کرے۔

183)......بے عذاب وعتاب وحساب وکتاب:

وظیفہ : یَا مُمِیْتُ

فضیلت : بغیر حساب جنت میں داخلے کے لئے ہر نماز کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں۔

184)......گویا شب قدر مل گئی:

وظیفہ : ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط''

فضیلت: جو شخص رات میں تین مرتبہ یہ دُعا پڑھ لے گا تو گویا اس نے شبِ قدر کو پالیا۔

185)......غیبت سے بچنے کا نسخہ:

وظیفہ : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ.

فضیلت : شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ جذب القلوب میں نقل کرتے ہیں ،کہ سرکارِ اعظم ﷺ فرماتے ہیں کہ جب کسی مجلس میں (یعنی لوگوں میں) بیٹھو اور یہ دعا پڑھ لوتو اللہ تعالیٰ تم پر ایک

فرشتہ مقرر فرمادے گا جو تم کو غیبت سے باز رکھے گا اور جب مجلس سے اُٹھو تو یہی دعا پڑھ لو تو اللہ تعالیٰ لوگوں کو تمہاری غیبت کرنے سے باز رکھے گا۔

186)......شکر گزار بندہ بننے کی دُعا:

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا.

187)......اگر صدقہ دینے کی طاقت نہ ہو تو کیا کریں؟:

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ .

فضیلت: حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس کسی مسلمان کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تو وہ اپنی دُعا میں یہ درود شریف پڑھے۔

188)......خاص دُعا کی قبولیت کے لئے:

وظیفہ: صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

فضیلت: اس درود کو وقت مقرر کرکے باوضو تین سو تیرہ **(313)** مرتبہ پڑھے اور کانچ کے گلاس میں پانی پر دَم کرکے پی لے پھر دُعا کرے اس کی جائز دعا قبول ہوگی۔

189)......ہزار دن کی نیکیاں:

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

فـــضـــیــــلـــــت: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نزہت المجالس میں حدیث منقول ہے کہ سرکارِ اعظم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود صبح وشام پڑھے گا تو ثواب لکھنے والے فرشتے ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے رہیں گے۔

190)......رات کو سوتے وقت کے عملیات:

وظیفه: سرکارِ اعظم ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ

اے علی رضی اللہ عنہ رات کو روزانہ پانچ کام کر کے سویا کرو:

1)......چار ہزار دینار صدقہ دے کر سویا کرو۔

2)......ایک قرآن مجید پڑھ کر سویا کرو۔

3)......جنت کی قیمت دے کر سویا کرو۔

4)......دو لڑنے والوں میں صلح کروا کر سویا کرو۔

5)......ایک حج کر کے سویا کرو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ امر محال ہیں کب بن سکیں گے پھر سرکارِ اعظم ﷺ نے فرمایا کہ:

1)......چار مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر سویا کرو۔ اس کا ثواب چار ہزار دینار صدقہ دینے کے برابر ہوگا۔

2)......تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر سویا کرو قرآن مجید پڑھنے کے برابر ثواب ہوگا۔

3)......دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سویا کرو جنت کی قیمت ادا ہوگی۔

4)......دس مرتبہ استغفار پڑھ کر سویا کرو لڑنے والوں میں صلح کرانے کے برابر ثواب ہوگا۔

5)......چار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر سویا کرو ایک حج کا ثواب ملے گا۔

اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ اب تو میں روزانہ یہی عملیات کر کے سویا

کروں گا۔

191)......سات دنوں کے وظائف:

وظیفہ : حضرت امام غزالی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ میں نے ان اوراد سے بہت کچھ پایا:

جمعہ کے دن اَللّٰہ ھُوَ سو مرتبہ پڑھنے سے تنگی دور ہو جائیگی۔

ہفتہ کے دن لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سو مرتبہ پڑھنے سے غم دور ہو جائیں گے۔

اتوار کے دن یَــــاحَــــیُّ یَــــا قَیُّــــوْمُ ہزار مرتبہ پڑھنے سے غیب سے روزی ملے گی۔

پیر کے دن یَــــاحَــــیُّ یَــــا قَیُّــــوْمُ ہزار مرتبہ پڑھنے سے غیب سے روزی بڑھے گی۔

منگل کے دن صَــلَّ الــلّٰــہُ عَــلَــی الــنَّبِــیِّ وَاٰلِــہٖ وَسَــلَّــم ہزار بار پڑھنے سے ہر بلا ٹل جائے گی۔

بدھ کے دن اَستغفار ہزار مرتبہ پڑھنے سے قبر کے عذاب سے نجات ملے گی۔

جمعرات کے دن لَااِلٰــہَ اِلَّا الــلّٰــہُ الْــمَــلِکُ الْــحَــقُّ الْــمُبِیْــنُ ہزار مرتبہ پڑھنے سے مالا مال ہو جائے گا۔

192)......ہر قسم کی بیماری کا علاج:

وظیفہ : اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلاً

فضیلت : سرکارِ اعظم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر (فالج، بلڈ پریشر، ہارڈ اٹیک ، ایڈز، کینسر، شوگر، حادثات، ہیپاٹائیٹس وغیرہ کسی بھی بیماری میں مبتلا مریض کو دیکھ کر) یہ دُعا پڑھے گا تو وہ اس بلا، مصیبت اور بیماری سے محفوظ رہے گا۔(بحوالہ: بخاری شریف، کتاب الطب)

193)......حاجات کے حصول کے لئے:

وظیفہ: یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا تَدَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَادَائِمُ.

فضیلت: حاجات کے حصول کے لئے تین روزے رکھے اور فجر کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

194)......غیبی امداد کے لئے:

وظیفہ: یَاکَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ یَاکَبِیْرُ.

فضیلت: ادائے قرض اور غیبی امداد کے لئے تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

195)......اگر اولاد تنگ کرتی ہو تو:

وظیفہ: یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلِّ شَیْءٍ رَحْمَۃً وَعِلْمًا یَا حَنَّانُ.

فضیلت: روزانہ عصر کی نماز کے بعد 119 مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں اولاد فرمانبردار ہو جائے گی۔

196)......دشمن پر رعب وہیبت قائم کرنے کے لئے:

وظیفہ: یَاقَاھِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاقَاھِرُ.

فضیلت: اس دُعا کو روزانہ 111 مرتبہ پڑھیں دشمنوں پر رعب و دبدبہ قائم ہوگا اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

197)......لوگوں میں محترم رہنے کے لئے:

وظیفہ: یَاقَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوًّا رْتِفَاعِہٖ یَاقَرِیْبُ.

فضیلت: اس دعا کو پڑھنے کی عادت بنانے سے مخلوق میں محترم رہے۔

198)......اپنے دشمنوں کو ذلیل کروانے کے لئے:

وظیفہ: یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرٍ عَزِیْزٌ سُلْطَانُہٗ یَا مُذِلُّ .

فضیلت: اگر اکیس روز تک سات ہزار مرتبہ پڑھے تو اس پڑھنے والے کے دشمن ذلیل ورسوا ہوں گے۔

199)......ظالم کے پنجے سے رہائی کے لئے:

وظیفہ: یَاغَیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَمُوْنَسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَرِجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَاغَیَاثِیْ .

فضیلت: اگر کوئی شخص روزانہ ننانوے مرتبہ پڑھے ظالم کے شکنجے سے رہائی پائے۔

200)......اسرار الوہیت ظاہر ہوں:

وظیفہ: یَاقَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ قُرْبَہٗ یَاقَرِیْبُ .

فضیلت: اگر کوئی شخص چالیس روز تک روزانہ پانچ سو مرتبہ اس دُعا کو پڑھے تو اسرارِ الوہیت ظاہر ہوں گے۔

201)......زہر کے خاتمے کے لئے:

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ لَمَسَخْنٰھُمْ عَلٰی مَکَانَتِھِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِیًّا وَّ لَا یَرْجِعُوْنَ.

فضیلت: روزانہ گیارہ دن یہ دعا پڑھ کر دم کریں اور زہر باد والی جگہ پر اُنگلی سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین بار لکھیں

انشاء اللہ شفا ہوگی۔

﴿طریقۂ استخارہ﴾

202)......عمل: جو شخص اسم باری تعالیٰ ''اَلـــرَّحِیْــمِ'' کو لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھے اور پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ بِبَرْ کَةِ ھٰذِہِ الْاِسْمِ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ .

پھر اسی تکیہ پر سر رکھ کر سو جائے اللہ تعالیٰ کام کے انجام کو خواب میں دکھلا دے گا اور کچھ نظر نہ آئے تو ذرا دیر میں مُراد پوری ہوگی۔

203)......عمل: سب سے پہلے پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سرکارِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کو ایصالِ ثواب کریں اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ اَخْبِـرْنِـیْ بِـعَـالِیْ پڑھ کر سو جائے لیکن یہ عمل جمعرات کے دن غُسل کر کے اور خوشبو لگا کر صاف کپڑے پہن کر کرے عمل کے دن روزہ بھی رکھے۔

204)......عمل: بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز پڑھ کر اس کا ثواب سرکارِ غوثِ اعظم اور خواجہ اجمیری رحمہم اللہ تعالیٰ اور اپنے باپ دادا کو ایصالِ ثواب کرے اس کے بعد سورۂ کوثر پندرہ مرتبہ پڑھے اور یَـــــــاعَـــــلِیْـــــمُ عَـــلِّـــمْـــنِــیْ مِــنَ الْــحَـــالِ الْـــفُلَانِـــیْ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دَم کر کے سو جائے خواب میں اس کا جواب ملے گا۔

205)......اگر دشمنوں میں گھر جائے:

فـــضـــیـــلـــت: جب دشمن کا خطرہ ہو یا دشمن میں گھر جائے یا دشمن سے ملنے جائے اور اسے خطرہ ہو خواہ دشمنِ جان ہو یا دشمنِ ایمان ہو۔ خواہ دشمن درندہ ہو یا انسان ہو اس عمل کے بعد ہر حال میں خطرے

اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

وظیفہ : فریاد فریاد بدرگاہ تو بدستی مصطفیٰ ﷺ و بدستی علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم وحسن مجتبیٰ وحسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رساں۔ایک مرتبہ آیۃ الکرسی تین مرتبہ چاروں قل تین تین مرتبہ اپنے گرد حصار کرے یعنی ہر طرف منہ کرکے دم کردے اور شہادت کی انگلی پر دم کرکے کان کے گرد حصار کرے۔

206)......پورا سال امن وامان:

وظیفہ : اَللّٰهُمَّ فَرِّجْنَا بِدُخُوْلِ الْقَبْرِوَاخْتِمْ لَنَا بِالْخَيْرِ وَالظَّفَرِ وَاَنْ صَرِّفْعَنَّا وَعَنْ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ o صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ o

فضیلت : یہ دعائے امن نہایت مجرّب ہے جو کوئی شخص اس کو سال میں ایک مرتبہ بھی پڑھ لے گا وہ دوسرے سال تک امن وامان میں رہے گا۔

207)......کسی کے گھر میں اکثر بیماری ہو تو:

وظیفہ : اگر کسی کے گھر میں اکثر بیماری رہتی ہو تو جس گلاس سے سب گھر والے پانی پیتے ہوں اس گلاس پر روزانہ فجر کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ اَللّٰهُ - اَلسَّلَامُ - اَلرَّحْمٰنُ پڑھ کر دم کریں اور اس میں پانی بھر کر سب کو پلائیں گھر سے انشاء اللہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

208)......بدہضمی سے نجات کے لئے:

وظیفہ: كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيْٓـئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ o اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ o

فضیلت: جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہوتو اس دُعا کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے یا کھانے پر دم کرکے کھانے سے یہ شکایت دور ہو جائے گی۔

209)......خواب میں ڈرلگنا یا چونک پڑنا:

وظیفہ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطٰنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ o

فضیلت: جو شخص خواب میں چونک پڑتا ہو، نیند نہ آتی ہو یا خوف معلوم ہوتا ہو تو سوتے وقت یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔

210)......جادو کا اثر نہ ہوگا:

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o
وَاُمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ كَيْدِیْ مَتِيْنٌ.

فضیلت: یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھیں اگر کوئی شخص اس پر جادو کرے گا تو جادو کا اثر نہ ہوگا۔

211)......اللہ تعالیٰ کے دوستوں سے ملاقات:

وظیفہ: اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ

لَایُخْلِفُ الْمِیْعَاد o

فضیلت : جو شخص اللہ تعالٰی کے دوستوں سے ملنے کا آرزومند ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھے۔

212)......لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہو تو:

وظیفہ : رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ o

فضیلت : حضرت خواجہ اجمیری علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا نیک بخت فرزند کا آرزو مند ہو یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو تو اس دُعا کو روزانہ 33 مرتبہ پڑھے۔

213)......غِنَا اور اطمینانِ قلب کے لئے:

وظیفہ : آیت الکرسی تین مرتبہ سفر میں جاتے وقت اور تین مرتبہ گھر میں آنے کے وقت اورسفر میں سورۂ کافرون ، سورۂ نصر، سورۂ اخلاص ، سورۂ فلق اورسورۂ ناس بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھنا غنا اور اطمینانِ قلب کے لئے مجرب ہے۔

214)......میاں بیوی میں محبت کے لئے:

وظیفہ : وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُمِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا تُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْ اشَدُّحُبًّا لِلّٰہِ ط وَلَوْیَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًاوَّاَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ .

فضیلت : جس عورت کا خاوند ناراض ہو،اس آیت کو شیرنی پر اکیس مرتبہ

پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائے مطیع ہو جائے گا۔

215)......حاکم کو مہربان کرنا:

وظیفہ : كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ وَّمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِo

فضیلت : جس شخص سے حاکم سخت ناراض ہو یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے انشاءاللہ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

216)......اولاد سے مایوسی:

وظیفہ : رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ.

فضیلت : جو شخص بے اولادی کی وجہ سے مایوس ہو چکا ہو تو ہر نماز کے بعد تین مرتبہان کلمات کو پڑھے انشاء اللہ صاحبِ اولاد ہوجائے گا۔

217)......ناف ٹل جائے:

وظیفہ : ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَتُه.

فضیلت : اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھ دیں۔

218)......دل پر دل آجانے سے رہائی:

وظیفہ : وَيُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ج وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ o وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَايَشَآءُ o

فضیلت : امام غزالی علیہ الرحمہ نے ایک بزرگ سے نقل کیا ہے کہ ایک بار ایک عورت پر میری نظر پڑ گئی اس سے ایسی بے چینی ہوئی کہ تمام

شب نیند نہ آئی آخر شب خفیف سی نیند آئی تو ایک کہنے والے نے کہا کہ یہ آیتیں پڑھ کر اپنے اُوپر دَم کرو۔

219)......خارش سے نجات کے لئے:

وظیفہ: فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ق ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ.

فضیلت: اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر خارش والی جگہ پر دَم کریں شفا ہوگی۔

220)......درد ِحلق سے نجات کے لئے:

وظیفہ: اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا o وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ o اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ o

فضیلت: ان آیات کو تین مرتبہ دَم کر کے درد ِحلق کے مریض کو پلائیں۔

221)......مردانہ قوت کے لئے:

وظیفہ: اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا.

فضیلت: روزانہ ایک ہزار مرتبہ دس دن تک پڑھیں پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پانی پی لیں۔

222)......پنڈلی میں درد ہو:

وظیفہ: اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ط وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ o وَالْتَفَّتِ السَّاقُ

بِالسَّاقِ o لا اِلٰی رَبِّکَ یَوْمَئِذِ نِ الْمَسَاقُ o

فضیلت : پنڈلی میں درد ہو تو نو ۹ مرتبہ پانی پر دَم کر کے پلائیں۔

223)......سفر میں جان و مال کی حفاظت کے لئے:

وظیفہ : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o لِلّٰہِ الْکَافِیُ o
قَصَدَتِ الْکَافِیُ. لِکُلِّ کَافِیُ . کَفَافِی الْکَافِیُ.
وَنِعْمَ الْکَافِیُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ.

فضیلت : اس دعا کو سفر میں جانے سے پہلے ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے
سے مال و جان محفوظ رہیں گے۔

224)......دانت کے کیڑے کا علاج:

وظیفہ : جس کے دانت کو کیڑا لگ گیا ہوا ایک کپڑا لے کر اسے زور سے
مروڑے اور ساتھ ہی یہ الفاظ پڑھتا جائے (یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا رَحِیْمُ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا)
اور دَم کرے جس وقت کپڑا اچھی طرح مروڑ جائے تو چھوڑ
دے اسی طرح تین مرتبہ کرے انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

225)......دانت ہلنے کا علاج:

وظیفہ : لفظ ''لَا یَعْلَمُوْنَ'' ہلتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا
اور اکیس مرتبہ پڑھ کر دَم کرنا مفید ہے۔

226)......زبان کی سوجن کا علاج:

وظیفہ : اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا

وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ م بَعْدِهٖ ج

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا o

فضیلت: اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دَم کی جائے زبان کی سوجن

ختم ہو جائے گی۔

227)......گردن کے درد کا علاج:

وظیفہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ

الْوَكِيْلُفَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ لَاحَوْلَ

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

فضیلت: اس آیت کو بعد نمازِ فجر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر گردن پر دَم

کیا جائے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

228)......کم سُنتا ہوتو:

وظیفہ: وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.

فضیلت: اگر کوئی اونچا سُنتا ہوتو یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر کان میں

دَم کیا جائے۔

229)......اگر کان بہتا ہو:

وظیفہ: سورۂ اعلیٰ باوضو ہوکر ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان

میں دَم کرے اللہ تعالیٰ کے کرم سے سات دن کے اندر اندر کان

بہنا بند ہو جائیں گے اور شفاء نصیب ہوگی۔

230)......کالی کھانسی کا علاج:

وظیفہ : اگر کسی کو کالی کھانسی ہو جائے تو سات دن تک اکتالیس [۴۱] مرتبہ سورۂ الم نشرح پانی پر دَم کر کے پلایا جائے اور اسی سورت کو لکھ کر گلے میں لٹکائے انشاءاللہ شفا ہو گی۔

231)......دمہ کا علاج:

وظیفہ : اَلشَّكُورُ.

فضیلت : ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے دمہ کے مریض کو پلا دیں شفا ہو گی۔

232)......ذات الجنب کا علاج:

وظیفہ : سورۂ تحریم تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائیں انشاءاللہ شفا حاصل ہو گی۔

233)......پھیپھڑے کے درد کا علاج:

وظیفہ : یٰسٓ سے لے کر اَحْصَيْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ○

فضیلت: مریض کو سورۂ یٰس کی شروع کی بارہ آیتیں سات مرتبہ پانی پر دَم کر کے پلائیں شفا ہو گی۔

234)......ہچکی کا علاج:

وظیفہ : تین سانس میں پانی پیئے اور ہر سانس پر سات مرتبہ ” یَا حَفِیْظُ “ کہے انشاءاللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

235)......پیاس کی شدت کا علاج:

وظیفہ : صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دَم کر کے

چہرے اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

وظیفہ: وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً م بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ م بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ o

فضیلت: اگر پیاس زیادہ لگتی ہے تو یہ آیت سات مرتبہ پانی پر دَم کر کے پلانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔

236)......پاؤں کے رعشہ کا علاج:

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ o لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ o يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o

فضیلت: اگر پاؤں میں رعشہ ہوگیا ہو تو ایک پاؤ روغنِ زیتون پر تین ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پاؤں کی انگلیوں پر مالش کی جائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

237)......سردی کے بخار کا علاج:

وظیفہ: فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًاج

فضیلت: سات مرتبہ اس آیتِ مبارکہ کو پانی پر دَم کر کے پلائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

238)......گرمی کے بخار کا علاج:

وظیفہ: اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ o

فضیلت: گیارہ مرتبہ پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائے۔انشاءاللہ گرمی کا بخار اُتر جائے گا۔

239)......سرسام (دماغ کا بخار) کا علاج:

وظیفہ: قَالُوْا حَرِّ قُوْهُ وَانْصُرُوْآ اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ o قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا.

فضیلت: سرسام کے شدید حملے کی صورت میں دوسرا شخص باوضو مریض کے سر پر انگشت ِشہادت رکھے اور اکیس مرتبہ ان آیات کو پڑھ کر مریض پر دَم کرے۔انشاءاللہ بخار اُتر جائے گا۔

240)......گمشدہ چیز کی واپسی:

وظیفہ: نَعَمْ سَرٰى طَيْفُ مَنْ اَهْوٰى فَارَّقَنِيْ
وَالْحُبُّ يَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

فضیلت: اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوجائے اوراس کی واپسی کی کوئی سبیل نہ ہوتو ان اشعارکو روزانہ بعد نمازِ عشاء ایک سوگیارہ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ چیز مل جائے گی یااس کا پتہ، یانشان کہیں نہ کہیں سے معلوم ہوجائے گا۔

241)......باغ، کھیت اور مال میں برکت اورحفاظت:

وظیفہ: حضرت خواجہ فخر الدین جیلانی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ یہ دعا مال کی حفاظت کے لئے مجرب ہے جمعہ کے روز ایک سوایک مرتبہ یہ آیت وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَحِفْظًا ۵ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ o

پڑھیں اس کے بعد کسی باغ سے جا کر ایک گلاب کا پھول لائیں
پھر عصر کی نماز پڑھ کر یہ کلمات اَللّٰھُمَّ اَفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ . گیارہ مرتبہ پڑھ کر گلاب کے پھول پر دم کریں پھول کو مال میں رکھیں اس کے بعد سجدے میں تین مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِ السَّارِقِیْنَ. اس پھول کو اگر کھیت یا باغ میں دفن کریں گے تو کھیت وباغ میں برکت ہوگی۔

242)......دورانِ سفر سواری خطرے سے محفوظ رہے:

وظیفہ : اگر سورۂ قدر اکیس مرتبہ پڑھ کر سواری مثلاً جہاز، بس، کشتی، ٹرین ، موٹر کار، گھوڑا ، اسکوٹر وغیرہ پر سوار ہوں گے تو سواری ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گی اور بخیر و عافیت منزلِ مقصود تک پہنچ جائے گی۔

243)......برائے دفع وسوسہ:

وظیفہ : ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ.

فضیلت : اگر کسی کے دل میں کوئی بُرا وسوسہ پیدا ہو تو ان کلمات کو تین مرتبہ پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کریں پھر اس ہتھیلی کو سر پر پھیریں انشاءاللہ وسوسہ دور ہوگا۔

244)......اگر کسی کو قرآن حفظ نہ ہوتا ہو:

وظیفہ : اگر کسی کو قرآن حفظ نہ ہوتا ہو تو وہ بعد نمازِ عشاء سورۂ فاتحہ ایک سو

مرتبہ پڑھے انشاءاللہ قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

245)......حافظ قرآن بھول جاتا ہو تو:

وظیفہ: وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ اِلٰی قَوْلِہٖ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ o

فضیلت: حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان پوری علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص سوتے وقت ان آیات کو پڑھ کر سوئے گا قرآن مجید نہیں بھولے گا۔

246)......مراقبہ ترقی عشقِ الٰہی:

وظیفہ: دوزانو بیٹھ کر سورۂ فاتحہ پڑھیں جب اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم پر پہنچیں تو بار بار تکرار کریں جب بے خودی طاری ہو جائے تو دل کی طرف متوجہ ہو کر آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں جب ہوش آئے تو صِرَاطَ الَّذِیْنَ سے والضالین تک سورت پوری کریں اس مراقبہ سے عشقِ الٰہی میں ترقی ہوگی اور دل پر انوار وتجلیات کی بارش ہوگی۔

247)......سرکارِ اعظم ﷺ سے فیض حاصل کرنا:

وظیفہ: لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَاعَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ ط

فضیلت: حضرت قاضی عیاض علیہ الرحمہ تحریر کرتے ہیں کہ اگر سرکارِ اعظم ﷺ سے فیض حاصل کرنا ہو، عشقِ رسول سے دل معمور کرنا ہو، سرکارِ

اعظم ﷺ کے نوری مکتب سے پرورش حاصل کرنی ہو تو اس آیت کو جمعہ کے دن نمازِ فجر کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

248)......شادی پسند کے مطابق ہو:

وظیفہ : اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَامُغِیْثُ .

فضیلت : ان کلمات کو روزانہ بعد نمازِ عشاء پانچ سو مرتبہ اکیس روز تک پڑھیں دورانِ عمل دل میں مقصد کا خیال رکھیں انشاء اللہ پسند سے شادی ہو گی۔

249)......بیوی کو باحیا اور باپردہ بنانے کے لئے:

وظیفہ : شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ حَكِيْمٌ .

فضیلت : ان کلمات کو ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر شیرنی پر دَم کر کے بیوی کو کھلائے انشاء اللہ باپردہ ہو جائے گی۔

250)......آواز میں ترنم:

وظیفہ : قاری اور نعت خواں حضرات کے لئے لاجواب وظیفہ ہے سونے سے پہلے باوضو ایک سو اکیس مرتبہ ''صَلَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ'' پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پیا کریں آواز میں ترنم پیدا ہوگا۔

251)......مکان خالی کروانے کے لئے:

وظیفہ : سورۂ مزمل روزانہ بعد نماز فجر اکیس مرتبہ گیارہ دن تک تلاوت کریں انشاء اللہ تھوڑے عرصے میں مکان خالی ہو جائے گا۔

252)......مالک مکان خالی نہ کرائے:

وظیفہ : اگر مالک مکان ناجائز تنگ کرے اور مکان خالی کرنے کا

مطالبہ کرے تو روزانہ سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف اکیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں مالک مکان اپنا مطالبہ واپس لے لے گا۔

253)......آنکھوں میں درد اور چبکیں پڑنا:

وظیفہ : هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ .

فضیلت : تیز روشنی دیکھنے یا ویلڈنگ کی وجہ سے آنکھوں میں چبکیں پڑیں اوردرد ہو تو عرقِ گلاب پر ان کلمات کو انیس مرتبہ پڑھ کر دَم کر کے آنکھوں میں ڈالیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

254)......منہ سے بد بو آتی ہو:

وظیفہ : هُوَ الْبَارِئُ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی .

فضیلت : اگر کسی کے منہ سے بد بو آتی ہو تو ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر نمک ملیپانی پر دَم کر کے غرارہ کرے اس عمل کو صبح سوکر اُٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے دن میں دومرتبہ کرے سات روز میں شفا ہوگی۔

255)......دانت تاحیات خراب نہیں ہوں گے:

وظیفہ : سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ .

فضیلت : روزانہ فجر کی نماز کے بعد اس آیت کو اکیس مرتبہ دونوں گالوں پر دونوں ہاتھ رکھ کر پڑھنے سے دانت تاحیات خراب نہیں ہوں گے۔

256)......شیطانی اثر دور کرنے کے لئے:

وظیفہ : اگر کسی کو کوئی شیطانی اثر ہو جائے یا شیطان کسی نہ کسی طرح تنگ کرتا ہو تو کلمہ توحید (چہارم کلمہ) پانچ مرتبہ پڑھ کر سینے پر دم کریں انشاءاللہ شیطانی اثر سے محفوظ رہے گا۔

257)......بدن میں اکثر درد ہو تو:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنَّا عَصَیْنَا کَ بِجَھْلٍ فَقَدْ دَّعَوْنَاکَ بِعَقْلٍحَیْثُ عَلِمْنَآ اَنَّ لَنَا رَبًّنَا یَّغْفِرُ وَلَا یُبَالِیْ .

فضیلت : اگر اکثر بدن میں درد ہو تو ان کلمات کو اکیس مرتبہ پانی پر دَم کر کے تین سانس میں پانی پی لیں یہ عمل جاری رکھیں شفا ہو گی۔

258)......جسم میں خون کی کمی ہو تو:

وظیفہ : وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ الصَّلٰوۃَ عَلَیْہ .

فضیلت : جسم میں خون کی کمی کے لئے اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہپڑھ کر پانی پر دَم کر کے پئیں چالیس روز تک یہ عمل کریں جسم میں وافر مقدار میں اچھا خون پیدا ہو گا۔

259)......ہائی بلڈ پریشر:

وظیفہ : وَشِفَاءٌ لِمَافِی الصُّدُوْرِ.

فضیلت : ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو یہ دُعا سو مرتبہ پانی پر دَم کر کے اس پانی کو صبح ، دوپہر اور شام تین مرتبہ دن میں پلائیں ساٹھ دن تک یہ عمل جاری رکھیں انشاءاللہ شفا ہو گی۔

260)......لاعلاج مرض کا علاج:

وظیفہ : صَلَّ اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اَحْمَدِ مُجْتَبٰی مُحَمَّدِ مُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ.

فضیلت : اگر کسی شخص کو کہیں سے بھی شفا نہ ملے تو وہ روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پی لے انشاءاللہ شفا نصیب ہوگی۔

261)......ایک لاکھ درود اور ایک لاکھ سلام:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِالذَّاتِیِّ وَالسِّرِ السَّارِیِّ فِیْ سَائِرِ الْاَ سْمَاءِ وَالصِّفَاتِ.

فضیلت : حضرت سیّد احمد انصاری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ درود شریف نورانی ہے اور ایک لاکھ درود کے برابر ہے یعنی اس درود شریف کو پڑھنا ایک لاکھ درود شریف کے برابر ہے مصیبتوں کو دور کرنے کے لئے اس کو پندرہ سو کی تعداد میں پڑھا جائے۔

262)......اچھے رشتوں کے لئے:

وظیفہ : یَامَوْلَانَا مُحِیُّ الدِّیْنِ عَبْدَ الْقَادِرْ جِیْلَانِی نُوْرُ اللّٰہ.

فضیلت : جس لڑکے یا لڑکی کے اچھے رشتے نہ آتے ہوں وہ بروز جمعرات غسل کر کے دو رکعت نمازِ نفل ادا کرنے کے بعد گیارہ سو مرتبہ اس اِسم کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے انشاء اللہ اچھے رشتے آئیں گے۔

263)......حاسدین اور دشمن زیادہ ہوں تو:

وظیفہ : یَاشاہ مُحِیُّ الدِّیْنِ عَبْدَ الْقَادِرْ جِیْلَانِی وَلِیُّ اللّٰہ.

فضیلت : جس کے حاسدین اور دشمن بہت زیادہ ہوں تو اسے چاہیے کہ اس اِسم مبارک کو ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ حاسدین اور دشمنوں سے حفاظت میں رہے گا۔

264)......تہمتِ ناحق سے بدنامی کا ڈر ہو:

وظیفہ : یَاغَوْث مُحِیُّ الدِّیْنِ عَبْدَ الْقَادِرْ جِیْلَانِی قُطْبُ اللّٰہ.

فضیلت : اگر کوئی شخص مصیبت میں ہو یا ناحق تہمت لگنے سے بدنامی کا ڈر ہو تو اُسے چاہیے کہ اس اِسم کو بعد نمازِ تہجد ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے انشاءاللہ عزت وآبرو محفوظ رہے گی۔

265)......گھبراہٹ اور دل کا ڈوبنا:

وظیفہ : یَاسَلَامُ یَا اَللّٰہُ.

فضیلت : دل کی بےسکونی یا گھبراہٹ سے دل ڈوبا جارہا ہو تو اس اِسم کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے۔انشاءاللہ بےسکونی اور گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔

266)......کمزور دل والا یہ پڑھے:

وظیفہ : یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قُوِّنِیْ وَقَلْبِیْ .

فضیلت : ہر نماز کے بعد سیدھا ہاتھ دل پر رکھ کر گیارہ مرتبہ اس دعا کو پڑھیں اور پھر سینے پر دم کرلیں انشاءاللہ دل مضبوط ہوگا۔

267)......ذہنی ٹینشن سے نجات کے لئے:

وظیفہ : اِلٰھِی خَیر گردَانی بِحَقِّ شَاہِ جِیْلَانِی.

فضیلت : چلتے پھرتے اس کو ورد رکھنے سے ذہنی ٹینشن دور ہو گی۔

268)......دل کے آپریشن سے نجات کے لئے:

وظیفہ : دل کمزور ہو گیا ہو، دل کے وال بند ہوں دل کی رگیں بند یا کمزور دل ہو جس کی وجہ آپریشن کی ضرورت ہو تو سورۃ قریش ایک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں آپریشن کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

269)......حج پر جانے کی طلب ہو مگر وسائل نہ ہوں:

وظیفہ : اگر کسی کو حج پر جانے کی طلب ہو اور کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو روزانہ 21 مرتبہ سورۃ فتح کی آیت نمبر 27 کا ورد کریں یہ ورد اس وقت تک جاری رکھیں جب تک اُمید کی کرن نظر نہ آجائے۔

270)......چہرہ نورانی بنانے کے لئے:

وظیفہ : چہرے کو نورانی اور رونق افروز بنانے کے لئے سورۃ انفال کی آیت نمبر 63 روزانہ ایک مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ چہرہ اور دل نورانی ہو گا۔

271)......جنت کے پھل:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ.

فضیلت : جو شخص روزانہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو وہ جنت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔

272)......تمام درودوں کے برابر ثواب:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِکُلِّ ذِکْرِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ .

فضیلت : یہ درود شریف پڑھنا سرکارِ اعظم ﷺ پر سارے درود شریف بھیجنے کے برابر ہے۔

273)......عرشِ عظیم کے برابر ثواب:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِّلْأَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.

فضیلت : اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر اور عرشِ عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔

274)......دس ہزار کے برابر:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوٰاتِکَ .

فضیلت : اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ درود شریف کے برابر ہے۔

275)......اولاد کو عزت ملے گی:

وظیفہ : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ کَذٰلِکَ .

فضیلت : جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔

276)......نعمتوں کا دروازہ:

وظیفہ: سورۂ فاتحہ تین مرتبہ، سورۂ الم نشرح تین مرتبہ اور سورۂ قدر گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے نعمتوں کے دروازے کُھل جاتے ہیں۔

(277)......گھر میں امن وسکون کے لئے:

وظیفہ: سورج نکلنے سے پہلے سو مرتبہ "یَا وَدُوْدُ" پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مٹکے یا فریج میں رکھی بوتل کے پانی میں ملا دیں تا کہ سب گھر والے اس کو پیتے رہیں۔ انشاء اللہ گھر کی فضا بدل جائے گی اور گھر امن وسکون کا گہوارہ بن جائے گا۔

(278)......اچھے نمبروں سے امتحان میں کامیابی کا وظیفہ:

وظیفہ: عشاء کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ "یَا اُوْلِی الْاَلْبَابْ" پڑھ کر امتحان میں شاندار نمبروں سے کامیاب ہونے کی دعا کریں جب تک نتیجہ نہ آئے اس عمل کو جاری رکھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

(279)......اگر کوئی تنگ کرتا ہو تو:

وظیفہ: لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بزبانش عصاءِ مُوسیٰ کلیم اللّٰه،

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه بِحَقِّ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ o

فضیلت: تین تین مرتبہ ہر بار اپنے اوپر دَم کر لیں اور مخالفین کی زبان بندی کا خیال رکھیں نیز ہر نماز کے بعد سات مرتبہ "یَا حَفِیْظُ" پڑھ کر دشمنوں سے حفاظت کی دعا کرنے سے بھی آدمی دشمنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

(280)......رہنے کے لئے مکان نہ ہو:

وظیفہ: وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْھَا مَعَایِشَ ط قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَo

فضیلت: اگر کسی کے پاس گھر نہ ہو تو اس آیت کو روزانہ ایک سوا کاون مرتبہ پڑھتا رہے انشاءاللہ اس کی برکت سے ضرور کامیابی ملے گی۔

281)......غصّہ اور ضد ختم کرنا ہو:

وظیفہ: یٰنَا رُکُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ o

فضیلت: جس شخص کو غصّہ آتا ہو اور ضدی ہو تو اس آیت کو پڑھے انشاءاللہ غصّہ کم ہوگا۔

282)......خاندان میں نا اتفاقی ہو تو:

وظیفہ: وَنَزَعْنَا مَافِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ o

فضیلت: جس گھر یا خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کرکے پھونک دیں جب تک کامیابی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

283)......ناجائز تعلق ختم کرنا ہو:

وظیفہ: قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ ج فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ o

فضیلت: اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو تو اُسے باز رکھنے کے لئے اس آیت کو گیارہ دن تک 141 مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دَم کرکے کھلائیں انشاء اللہ

کامیابی ہوگی۔

284)......لڑکی کی پیدائش کی تمنا ہو:

وظیفه : اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ o

فضیلت : جو یہ چاہیں کہ میرے ہاں لڑکی پیدا ہو، وہ عورت پانچ مہینے تک اس آیت کو روزانہ 33 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیا کریں انشاءاللہ ضرور تمنا پوری ہوگی۔

285)......آسیب کا خلل ہو تو:

وظیفه : وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ o

فضیلت : جس پر آسیب کا خلل ہو اُس کے بائیں کان میں یہ آیت سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

286)......بے ہوشی دور ہو:

وظیفه : يَاجِبْرِيْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ .

فضیلت : اس عمل کو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دَم کریں دَم شدہ پانی کے چھینٹے بے ہوش کے چہرے پر ماریں اگر ایک مرتبہ میں آرام نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح کریں مریض ہوش میں آجائے گا۔

287)......آسانی سکراتِ موت:

وظیفه : لَوْنَا سَبَتُ قَدْرَهٗ اٰيَاتُهٗ عِظَمًا اَحْيَا اِسْمُهٗ حِيْنَ يُدْعٰى دَارِسَ الرِّمَمِ

فضیلت: اگر کوئی قریب المرگ ہو اور تکلیف بہت زیادہ ہو اور جان نہ نکلتی ہو تو اس وظیفے کو اس کے پاس پڑھیں اس عمل سے اسے سکراتِ موت سے نجات مل جائے گی۔

288)......غیب سے امداد کا بے مثال عمل:

وظیفه: ثُم اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا .

فضیلت: حضرت عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ غیب سے امداد حاصل کرنے کے لئے یہ عمل نہایت سریع التاثیر ہے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نمازِ فجر کی سنتوں اورفرضوں کے درمیان اس آیت مبارکہ کو ایک سو مرتبہ پڑھیں پھر سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے امداد طلب کرے انشاء اللہ ضرورت کے وقت غیب سے مالی مدد ہوگی۔

289)......دکان اور تجارت میں برکت کے لئے:

وظیفه: وَمَنْ يَّبِعُ اٰجِلًا مِّنْهُ بِعَا جِلِهٖ يَبِنُ لَّهُ الغَبْنُ فِي بَيْعٍ وَّفِي سَلَمٖ

فضیلت: تجارت اور کاروبار میں برکت کے لئے اس شعر کو صبح فجر کے بعد ہر روز اکیس بار پڑھے۔

290)......قحط دور کرنے کے لئے:

وظیفه: وَاَحْيَتِ اَلسَّنَةَ الشَّهْبَآءَ دَعْوَتُهٗ حَتّٰى حَكَتْ غُرَّةً فِي الْاَعْصُرِ الدُّهُمٖ

فضیلت: قحط دور کرنے کے لئے اس شعر کو سات آدمی مل کر ایک سو

گیارہ مرتبہ فجر کی نماز کے بعد روزانہ ایک ہی جگہ بیٹھ کر گیارہ روز تک عمل کریں۔

291)......راستہ بھول گیا ہو تو:

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ ذُنُوْبِیْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَھْدِیْ بِہِ اللّٰہُ مَنِ تَّبَعَ رِضْوَانَہٗ سُبُلَ السَّلَامِ وَیَخْرِ جُھُمْ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِہٖ وَیَھْدِیْھِمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ .

فضیلت: اگر آپ کہیں سفر میں راستہ بھول جائیں تو اس دعا کو تین مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے صحیح راستہ نظر آئے گا۔

292)......چوری کا مال دریافت کرنا:

وظیفہ: رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ .

فضیلت: اگر چوری شدہ مال واپس نہ ملتا ہو اور نہ ہی کوئی نشان ملتا ہو تو اس آیتکو ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ قبلہ رُخ ہوکر سوجائیں اسی طرح سات روز عمل کریں خواب میں مال کا نشان اور پتہ مل جائے گا۔

293)......عہدے میں ترقی کے لئے:

وظیفہ: یَارَبِّ فَاجْعَلْ رِجَآئِیْ غَیْرَ مُنْعَکِسٍ لَدَیْکَ وَاجْعَلْ حِسَابِیْ غَیْرَ مُنْخَرِمٍ

فضیلت: عہدہ میں ترقی کی خواہش ہو اور کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے تو اس شعر کو روزانہ نمازِ فجر کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔

294)......کسی کو مہربان کرنے کے لئے:

وظیفہ : یَاشَفِیْقُ یَارَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضَیْقٍ.

فضیلت : کسی کو اپنے اوپر مہربان کرنے کے لئے بعد از نمازِ فجر ان کلمات کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں جس کے لئے بھی یہ وظیفہ کریں انشاءاللہ وہ مہربان ہوگا۔

295)......ملازمت برقرار رہے:

وظیفہ : یَاعَزِیْزُ عَزِّزْ نِیْ تُعَزِّتُ بِعِزَّتِکَ یَا مُعِزُّ .

فضیلت : اگر مالک یا افسر ملازمت سے نکالنے کی کوشش کریں تو اس دعا کو ہر روز عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اس عمل کو انیس روز تک کریں انشاء اللہ ملازمت برقرار رہے گی مالک اور افسر ملازمت سے نکالنے کا ارادہ بدل دے گا۔

296)......آنکھوں کا دَرد دُور کرنے کے لئے:

وظیفہ : ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْم .

فضیلت : ان اسماء کو اکیس مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر دَم کریں اوّل وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں چند بار یہ عمل کرنے سے درد ختم ہوجائے گا۔

297)......بھینگے پن کا بہترین علاج:

وظیفہ : یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ .

فضیلت : کوئی نیک آدمی بھینگے آدمی کو سامنے بٹھالے اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال لے، اور مریض کو تاکید کردیں کہ وہ میری

آنکھوں میں دیکھتا رہے پھر انکلمات کو ایک سوایک مرتبہ پڑھے اور آہستہ آہستہ پڑھے اسی طرح ساٹھ دن تک یہ عمل رات کو سونے سے پہلے کرے غیر جنس پر یہ عمل نہ کریں، عورت عورت پر کرے اور مرد مرد پر کرے مجرب المجرب عمل ہے۔

298)......آنکھوں کا موتیا:

وظیفه : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاُمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتُ یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضَ .

فضیلت : سیاہ باریک پسے سرمے پر ان کلمات کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دَم کریں اس سرمے کے استعمال سے انشاءاللہ موتیا درست ہوگا۔

299)......باطنی ترقی کا عمل:

وظیفه : اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لَمْحَةٍ وَّ نَفْسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ .

فضیلت : جو کوئی اس درود شریف کا ہمیشہ کثرت سے معمول رکھے تو اسے باطنی ترقی حاصل ہوگی اور اُسے انوار و اسرار اور مشاہدات سے وافر حصّہ نصیب ہوگا۔

300)......خوش نصیبوں کے لئے مبارک تحفہ دُرود حُصولِ رحمت:

وظیفه : اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوةً دَآئِمَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ وَسَیِّدِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ٥

فـــضـیـــلـــــت : کم از کم اس دُرود پاک کو ہر نماز کے بعد **10** بار پڑھ لیں۔ بے حساب رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہوگا۔اور خاص بات یہ ہے کہ پڑھنے والے کا شُمار دین کے خدمت گاروں میں ہوگا۔ انشاءاللہ عزوجل

301)......وبائی امراض سے نجات کے لئے:

وظیفه : مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ط وَذٰلِکَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ o وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلاَ کَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ط وَاِنْ یَّمْسَسْکَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o

فضیلت : اگر شہر میں طاعون ہیضہ یا وبائی بخار یا کسی اور عالمگیر وباء کی شہرت ہوتو اِن آیات کا مکان کے دروازے پر اور مکان کی اندر کی دیوار پر لکھ کر لگانا نہایت مفید ہے انشاءاللہ اس مکان میں وباء ہرگز داخل نہ ہوگی۔

302)......طاعون اور ہیضہ سے بچاؤ کے لئے:

وظیفه : وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَؤُهُمْ فَتُصِیْبَکُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ بِغَیْرِ عِلْمٍ ج لِیُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ج

فضیلت : طاعون یا ہیضہ کے موقع پر اس آیتِ مبارکہ کو لکھ کر پاس رکھنا امن کا باعث ہے۔

303)......سر، آنکھ اور سینہ کا درد:

وظیفہ : یَا مُحیِیُ .

فضیلت : اگر کسی کے سر، آنکھ اور سینے میں درد ہو تو یہ اسمِ پاک کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ پر دَم کرے انشاء اللہ افاقہ ہوگا ۔

304)......پسلی، کمر اور سر کے درد سے نجات کے لئے :

وظیفہ : اگر کسی کو پسلی، سینہ، کمر اور سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ سات مرتبہ یَا اَللّٰہُ شہادت کی انگلی سے لکھے دن میں سات مرتبہ اس عمل کو کرتا رہے انشاء اللہ درد سے نجات ملے گی ۔

305)......دردِ سر سے نجات کے لئے :

وظیفہ: مریض کے سر کو داہنے (سیدھے) ہاتھ سے پکڑ کر ''یَا مُجِیبُ'' پہلی مرتبہ تین مرتبہ پڑھے ، دوسری مرتبہ پانچ مرتبہ پڑھے ، تیسری مرتبہ سات مرتبہ ، چوتھی مرتبہ نو مرتبہ اور پانچویں مرتبہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دَم کرے انشاء اللہ درد سر سے چھُٹکارا مل جائے گا۔

306)......آدھے سر کے درد سے نجات کے لئے :

وظیفہ : سورج نکلنے سے پہلے مریض کے ماتھے پر سات مرتبہ شہادت کی اُنگلی سے ''یَا جَبَّارُ'' لکھیں پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر ''یَا جَبَّارُ یَا سَلَامُ'' سات سات مرتبہ پڑھ کر دَم کریں انشاء اللہ درد سے نجات ملے گی۔

307)......معدہ کے درد سے نجات کے لئے :

وظیفہ : سورۂ تکویر کی ابتدائی اُٹھارہ آیات سات مرتبہ پڑھ کر آبِ زم زم

پر دَم کرنا (اگر آبِ زم زم نہ ملے تو سادہ پانی پر دَم کریں) اور پھر پانی کو پی لیں درد میں افاقہ ہوگا۔

308)......قولنج کا درد:

وظیفہ : یَا مُقِیۡتُ .

فضیلت : اس اسم پاک کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائیں ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

309)......گردہ اور مرگی کے مریض کے لئے مفید:

وظیفہ : سورۂ بَلَد کو روزانہ کسی بھی وقت گیارہ مرتبہ پڑھنا دردِ گردہ اور مرگی والے کے لئے مفید ہے۔

310)......آنکھ میں پانی اُتر آنا:

وظیفہ : اگر آنکھوں میں پانی اُترنا شروع ہوا ہو تو ''یَابَصِیۡرُ'' گیارہ سو مرتبہ مریض پڑھے اوّل و آخر تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

درود شریف : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّد سَیِّدِ السَّاجِدِیۡنَ سَیِّدِ الرّٰکِعِیۡنَ سَیِّدِ الۡکَامِلِیۡنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ط

اللہ تعالیٰ کے فضل سے چند دنوں میں آنکھوں میں پانی اُترنا بند ہوکر شفاء حاصل ہوگی ایسے شخص پر لازم ہے کہ ہمیشہ اس عمل کو کیا کرے۔

311)......آشوبِ چشم کا علاج:

وظیفہ : ٹھیک دوپہر کے وقت جس کو زوال کا وقت کہتے ہیں باوضو بیٹھ کر ''یَا رَحۡمٰنُ'' اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرے اور اس پانی

میں سلائی تر کر کے سات سات سلائیاں دُکھتی آنکھوں میں تین دن لگائے انشاء اللہ افاقہ ہوگا اور پھر ایک سا ل تک آنکھیں دُکھنے نہیں آئیں گی۔

312)......آنکھوں کی سُرخی دفع کرنے کے لئے:

وظیفہ: ''یَا عَلِیُّ'' سات سومرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرے اور جس شخص کی آنکھوں میں سُرخی نہ جاتی ہو تو اس دَم کئے ہوئے پانی کو سَلائی سے آنکھوں میں لگائے انشاء اللہ تین روز میں سُرخی جاتی رہے گی۔

313)......آنکھوں کی جُملہ بیماریوں سے نجات کے لئے :

وظیفہ: وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْ ابِالْحَقِّ لا ۝ وَتَوَصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

فضیلت: سورۂ عصر کو تین مرتبہ پڑھ کر سرمہ کی سلائی دَم کر کے سرمہ لگانا آنکھوں کی بیماریوں کو دفعہ کرتا ہے یہ عمل گیارہ دن متواتر کریں۔

314)......آنکھوں کا پھڑکنا:

وظیفہ: فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَالَّیْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْکَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا لَھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

فضیلت: جس کی آنکھ پھڑکتی ہو اس کے لئے اِن مبارک آیات کا سات

مرتبہ پڑھ کر مریض کے منہ پر دَم کرنا اور سات مرتبہ دوبارہ پڑھ
کر پانی پر دَم کر کے پلانا انشاءاللہ مرض کو ختم کر دے گا۔

315)......نظرِ بَد سے حفاظت:

وظیفہ: یَا بَرُّ

فضیلت: اس اسمِ پاک کو سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دَم کرنے سے
بچہ نظرِ بَد سے محفوظ رہے گا۔

316)......مکان یا اسباب پر نظرِ بَد کا اندیشہ ہو تو:

وظیفہ: خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ط وَعَلٰٓى
اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ ع

فضیلت: اگر مکان یا اسباب وغیرہ پر حاسد کی نظر لگ جانے کا اندیشہ
ہو تو سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کا پڑھنا اور مکان پر دَم کرنا نہایت
مجرب ہے درحقیقت یہ آیتِ مبارکہ نظرِ بَد سے محفوظ رکھنے کا ایک
قلعہ ہے۔

317)......کُند ذہن بچہ ذہین کیسے بنے:

وظیفہ: کُند ذہن بچے کو ضرورت کے مطابق سات دن، گیارہ دن یا
اکیس دن صُبح نہار مُنہ تازہ روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ شہادت
کی انگلی سے ''یَا اَللّٰہُ'' لکھ کر کھلانے سے بچے کا ذہن کُھل
جائے گا۔

318)......بچہ صاحبِ علم کیسے بنے:

وظیفہ : یَا عَلِیْمُ

فضیلت : اس اسمِ پاک کو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے چالیس روز تک نہار منہ پلانے سے بچہ صاحبِ علم ہوگا اور اس کا ذہن وحافظہ روشن ہوجائے گا۔

319)......سانس چڑھ جاتا ہوتو:

وظیفہ : رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ o وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ oوَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ o یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ o

فضیلت : جس شخص کا سینہ بولنے چلنے میں کمزور ہو سانس چڑھتا ہو یا اس کے مزاج میں رعب غالب رہتا ہو یا مجمع کثیر میں گھبراتا ہو تو وہ ہر روز صبح کی نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورہ طٰہٰ کی اِن آیات کو پڑھے انشاءاللہ یہ سب باتیں جاتی رہیں گی۔

320)......نیند کی کمی کا علاج:

وظیفہ : وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِبَا سًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّھَارَ نُشُوْرًاo

فضیلت : جس مریض کو رات کو نیند نہ آتی ہو وہ مریض خود یا دوسرا شخص پانچ سو مرتبہ سورۂ فرقان کی اِن آیات کو پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائے اور سات دن برابر اس عمل کو کرے انشاء اللہ یہ تکلیف دور ہوجائے گی۔

321)......بچہ کی عمر بڑھ رہی ہو مگر بولتا نہ ہو تو:

وظیفہ : سورۂ جمعہ کی ابتدائی چار آیات۔

فـــضیـــلـــت : جو بچہ تین یا چار برس کا ہو گیا مگر بولتا نہ ہو تو اُسے اکیس روز تک روزانہ گیارہ مرتبہ اِن آیات کو پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلائیں انشاءاللہ ضرور بولے گا۔

322)......خونی بواسیر سے نجات:

وظیـــفـــہ : ''یَـــاعَـلِــیُّ'' ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائیں سات دن تک یہ عمل کریں انشاء اللہ سات روز میں خون بند ہو جائے گا اور بواسیر بھی جاتی رہے گی۔

323)......رُکی ہوئی شادی کا عمل:

وظیـــفـــہ : جن لڑکوں یا لڑکیوں کی شادیاں رُک جاتی ہیں اور والدین کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو بعد نمازِ فجر اور عشاء سورۂ مزمل سات سات مرتبہ پڑھیں اور عمل ختم ہونے پر ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر خصوصی دُعا کریں انشاءاللہ کامیابی نصیب ہوگی۔

324)......اگر منگنی کے بعد شادی میں رکاوٹ ہو تو:

وظیفہ : یَا لَطِیۡفُ یَا حَلِیۡمُ o

فـــضیـــلـــت : اگر کسی کی منگنی ہو چکی ہو اور اب شادی میں رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں یا پھر لڑکے یا لڑکی والے منگنی توڑنے پر آمادہ ہوں تو بعد نمازِ عشاء پانچ سو مرتبہاِن اسماءِ باری تعالیٰ کو پڑھے اوّل وآخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں انشاء اللہ تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔

325)......اگر منگنی ٹوٹنے کا خطرہ ہو:

وظیـــــــفـــــــہ : جن لڑکوں یا لڑکیوں کی منگنی ہوچکی ہو اور خاندانی مسائل یا دیگر وجوہات کی بناء پر اگر منگنی ٹوٹنے کا خطرہ ہو تو اُنہیں چاہیے کہ بعد نمازِ عصر تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ کی تلاوت کریں اوراس کے بعد تین سو مرتبہ ''یَا اَللّٰہُ یَا فَتَّاحُ'' پڑھیں اگر لڑکا یا لڑکی خود نہ پڑھ سکیں تو والدین یہ عمل کریں۔

326)......طلاق یافتہ کی دوبارہ شادی کا عمل:

وظیفہ : اگر خدانخواستہ لڑکی کو طلاق ہوچکی ہو اور والدین کی کوشش ہو کہ کسی طرح دوبارہ اس کا گھر بَس جائے تو اُنہیں چاہیے کہ نمازِ فجر کے بعد دومرتبہ سورۂ یٰسٓ پڑھیں اور گیارہ سو مرتبہ ''یَا مُعِیْدُ'' پڑھیں اکتالیس دن تک یہ عمل کریں۔

327)......لُو لگنا:

وظیـفـہ: اِنَّ الْاَ بْـرَارَ یَشْـرَبُـوْنَ مِـنْ کَـاْسٍ کَـانَ مِـزَاجُھَـا کَـافُـوْرًاo عَیْـنًـــا یَّشْـــرَبُ بِھَــــا عِبَـــادُ الـلّٰـــہِ یُفَـجِّـرُوْ نَھَـا تَـفْـجِیْـرًاo

فضیلت : اگر کسی شخص کو لُو لگ جائے یا پیاس ہوجائے تو عرقِ گلاب پر ایک سو تین مرتبہ پڑھ کر دَم کرکے مریض کو جلد پلانے سے انشاءاللہ بہت جلد پیاس جاتی رہے گی نیز زہریلی ہوا کا اثر ختم ہوجائے گا۔

328)......پیاس نہ بجھتی ہو یا بار بار لگتی ہو تو:

وظیفہ : سورۂ واقعہ

فضیلت : جس شخص کو پیاس کا مرض ہوگیا ہو تو اُسے اس مبارک سورۃ کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے سات دن تک پلانا مرض میں

افاقہ پیدا کرتا ہے۔

329)......شہادت کا مرتبہ:

وظیفہ : لَااِلٰـــهَ اِلَّا اَنْـــتَ سُبْـحٰـنَکَ اِنِّـــی کُـنْـتُ مِنَ الظّٰـلِمِیْـنَ o

فضیلت : امام حاکم علیہ الرحمہ نے حضرت سعید بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ سرکارِ اعظم ﷺ نے فرمایا جو مسلمان بیماری کی حالت میں اِن دعائیہ کلمات (جو اُوپر مذکور ہیں) کو چالیس مرتبہ پڑھ لے پھر اُسی مرض میں انتقال کرجائے تو اُسے ایک شہید کا اَجر دیا جائے گا اور اگر اچھا ہوگیا تو اسکے سارے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

330)......مریض کو پڑھنے کے لئے مُفید دُعا:

وظیفہ : اَعُوْذُ بِا للّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّاَجِدُ وَاُحَاذِرُہٗ .

فضیلت : مریض پہلے سات مرتبہ تسمیہ پڑھے پھر ایک بار یہ دُعا پڑھ کر اپنے جسم پر دَم کرے انشاءاللہ مرض جاتا رہے گا۔

331)......ایک ہزار سال کے عمل کے برابر:

حدیث شریف : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرکارِ اعظم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی نے کسی مریض کی عیادت کی اور جاکر اس کے پاس تھوڑی دیر بیٹھا تو اللہ تعالیٰ اس کو ایک ہزار سال کے ایسے عمل کا اجروثواب عطا فرماتا ہے جس میں پلک مارنے کے برابر بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا شائبہ نہیں پایا جاتا۔

(رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب المرض والکفارات)

332)......حاملہ عورت صدمات سے کمزور ہوگئی ہوتو:

وظیفہ : یَا قَوِیُ

فضیلت : اس اسمِ مبارک کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی حاملہ عورت حمل کے صدمات سے کمزور ہوگئی ہو اور حمل کی برداشت نہ ہو تو ایک سو اکیس مرتبہ وہ حاملہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ ایّامِ حمل نہایت آسانی سے گزریں گے اور طاقت وصحت قائم رہے گی۔

333)......اگر حمل ساقط ہوجاتا ہو:

وظیفہ : یَا مُبْدِیُ

فضیلت : اس اسمِ مبارک کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہوجاتا ہو تو نوے مرتبہ اس اِسم مبارک کو پڑھ کر کلمہ کی انگلی دائرہ کھینچنے کی طرح سے حاملہ کے پیٹ کے گرد پھیرے اور سات دن تک یہ عمل برابر کرتا رہے انشاء اللہ حمل کچّا اور بے موقع ساقط نہ ہوگا۔

334)......بانجھ عورت کے لئے عمل:

وظیفہ : وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا o فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا o فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا o فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا o اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ o وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ o

فضیلت : حمل قرار پانے اور بانجھ پَن دور کرنے کے لئے تین کھجوروں پر سورۂ زاریات کی اِن آیات کو پڑھ کر کھجوریں عورت کو کھلانا نہایت مفید ہے ہر ایک کھجور پر ایک سو مرتبہ آیت کو پڑھ کر دَم کیا جائے یہ عمل سات روز تک برابر کیا جائے۔

335)......دودھ کا کم ہونا:

وظیفہ : یَامَتِیْنُ

فضیلت: اگر کسی عورت کے دودھ کم ہوگیا ہوتو نو مرتبہ اس اسمِ مبارک کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے گیارہ دن تک یہ عمل کیا جائے انشاءاللہ دودھ زیادہ آئے گا۔

336)......بچہ کا دودھ چُھڑانے کے لئے:

وظیفہ : یَامَتِیْنُ

فضیلت: اگر بچہ دودھ چُھڑانے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو تو سات مرتبہ اس نام کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر بچہ کو پلا دیں انشاءاللہ بچہ کو صبر آ جائے گا۔

337)......اگر بچہ سوکھتا جائے:

وظیفہ : یَاقَھَّارُ

فضیلت : آدھا سیر سوسوں کا تیل لے کر سامنے رکھا جائے اور باوضو اور بقبلہ ہو کر ایک ہزار مرتبہ یہ اسمِ مبارک پڑھ کر تیل پر دَم کیا جائے وہ تیل صبح و شام اکیس دن اس بچے کے جسم پر مالش کیا جائے کہ جو بچہ شیر خوار نہایت دُبلا ہو جیسے اکثر بچوں کو سوکھا لگ جاتا ہے انشاءاللہ بچہ جلد تندرست ہو کر توانا ہوگا۔

338)......گندے امراض:

وظیفہ : یَامَالِکُ یَاقُدُّوسُ

فضیلت : ہر روز صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ اِن اسمائے مبارکہکو پڑھ لینے سے انشاء اللہ گندے امراض مثلاً بواسیر،

نواسیر، ناسور، شرم گاہ یا پردہ کی جگہ کوئی بیماری یا زخم نہ ہوگا۔

339)......**فجر** میں اگر آنکھ نہ کُھلتی ہو تو:

وظیفہ : رات کو سونے سے پہلے سورۂ بقرہ کی آخری پانچ آیات پڑھ کر سو جائیں آپ کو روحانیت بھی نصیب ہوگی اور نمازِ فجر کے لئے با آسانی آنکھ بھی کُھل جائے گی۔

340)......اگر لڑکی کی شادی کے لئے جہیز کا انتظام نہ ہو:

بسا اوقات لڑکی کے لئے اچھا اور شریف رشتہ میسر آتا ہے مگر رسم ورواج کی بناء پر جہیز کا کوئی انتظام نہیں ہوپاتا کہ جس کی وجہ سے رشتہ ٹوٹنے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے ایسے میں والدین کس قدر پریشانی کا سامنا کرتے ہیں اس کا اندازہ کرنا کوئی مشکل نہیں ہے ۔ایسی حالت میں والدین کو چاہیے کہ صبر وتحمل اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے درج ذیل وظیفہ پر عمل کریں، انشاءاللہ عمل کی مدت پوری ہونے سے قبل ہی انتظام ہو جائے گا۔

وظیفہ : دُرودِ ابراہیمی............گیارہ مرتبہ

سورۂ مزمل ....گیارہ مرتبہ

یَا مُغْنِیُ ....گیارہ سو گیارہ مرتبہ

دُرودِ ابراہیمی............گیارہ مرتبہ

بعد نمازِ عشاء شروع کرے اور آخر تک کسی سے بات نہ کرے بہتر ہے کہ خلوت اختیار کرے اور اس عمل کا کسی سے تذکرہ نہ کرے۔

مدت عمل:......اکتالیس یوم ہے۔

341)......اگر شادی میں جنات رکاوٹ ڈالیں تو:

اکثر دیکھا گیا ہے کہ نوجوان لڑکیوں پر جنات کا اثر ہو جاتا ہے کہ جس کی وجہ سے لڑکی کی کسی اچھی جگہ بات چیت ہوتے ہوتے بگڑ جاتی ہے اوروہ شریر جن حصولِ رشتۂ صالحہ میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

اس مشکل سے خلاصی کے لئے درج ذیل وظیفہ پر عمل نہایت مناسب ہے۔

وظیفہ : بعد نمازِ عشاء لڑکی کے والدین میں سے کوئی سورۃ حشر کی آخری تین آیات **ھــوالــلّٰــه الــذی**............سے............

العزیز الحکیمo تک **100** بار پانی پر دَم کر کے وہ پانی سارا دن استعمال کرائیں اور مسلسل اکیس دن عمل کریں۔

342)......شادی کے جملہ اُمور بحسن وخوبی انجام پذیر ہوں:

بچیوں کی شادی کے سلسلے میں اُس وقت تک والدین کو پریشانی رہتی ہے جب تک بچیاں اپنے گھر نہ چلی جائیں۔عموماً دیکھا گیا ہے کہ حاسدین ان دنوں خصوصی طور پر برائی پر آمادہ رہتے ہیں۔

وظیفہ : لہٰذا ان تمام معاملات میں سورۂ قریش کو بعد نمازِ عصر اور عشاء اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے ۔یہ عمل شادی کی تیاری سے لے کر نکاح تک جاری رکھیں۔

343)......ہر قسم کی بندش کا علاج:

اکثر بچیوں اور بچوں کے رشتے صرف اسی وجہ سے طے نہیں ہو پاتے کہ وہ دشمنوں اورحاسدوں کی جانب سے سخت قسم کی بندش کا

شکار ہوتے ہیں۔ ہر قسم کی بندش اور رکاوٹ دور کرنے کے لئے یہ عمل لاجواب اور تیر بہدف ہے۔

وظیفہ : بعد نمازِ فجر ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف، چاروں قُل تین (3) مرتبہ اور آیت الکرسی شریف گیارہ 11 بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے لڑکی اور لڑکے کو پلائیں اور اُسی پانی سے ہاتھ منہ دُھلائیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو گیارہ روز مسلسل کریں۔

344)......استخارۂ نکاح:

منگنی کرنے سے پہلے استخارۂ نکاح کر لینا بہتر ہوتا ہے کہ بعد میں پریشانی سے نجات رہتی ہے۔

وظیفہ : جس لڑکی اور لڑکے کا استخارہ کرنا مقصود ہو اُن کا تصور جما کر بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ (111) مرتبہ ''یَا عَلِیْمُ'' اور ایک سو ایک (101) بار ''سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ط اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُo'' (البقرۃ نمبر 32)

پھر ایک سو گیارہ بار ''یَا عَلِیْمُ'' پڑھ کر تصور میں دونوں کو رکھتے ہوئے سو جائے انشاء اللہ خواب میں اس رشتہ کے بارے میں آگاہی حاصل ہو جائے گی۔

345)......جنّات کے اثر کا علاج:

وظیفہ : سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس کا آسیب زدہ شخص پر تین مرتبہ پڑھ کر دَم کرنا مُفید ہے۔

346)......کسی پر جنّات کا سایہ ہو تو:

وظیفہ : تین مرتبہ درود شریف، سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۂ یٰس کا پہلا رکوع، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق ، سورۂ ناس اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اگر مرد ہو تو اللہ تعالیٰ کو سرکارِ اعظم ﷺ کا واسطہ دے کر دعا کریں ، اگر عورت ہے تو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا وسیلہ پیش کرے اگر جوان لڑکی ہے تو حضرت بی بی سکینہ رضی اللہ عنہا کا واسطہ دے اور اگر جوان لڑکا ہے تو امام علی اصغر رضی اللہ عنہ کا واسطہ دے کر دعا کریں اور پانی پر دَم کر کے مریض کو پلائیں۔

347)......نیند رات کو نہ آتی ہو تو:

وظیفہ : تین مرتبہ اوّل و آخر آیۃ الکرسی اور درود شریف پڑھیں اور درمیان میں تین مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلائیں یہ عمل اکیس دن کریں:

''یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا مُجِیْبُ الدَّعْوَاتُ الْمُضْطَرِیْنَ یَا اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُo''

348)......دماغ کی کمزوری کا علاج:

وظیفہ : فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ وَکُلًّا ءَاتَیْنَا حُکْمًا وَ عِلْمًا ج وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ ج وَکُنَّا فٰعِلِیْنَ.

فضیلت : دماغ کی کمزوری کے واسطے اس آیت کا روزانہ بعد نمازِ فجر دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

349)......سر میں پانی بھر جانے کا علاج:

وظیفہ : باوضو ہو کر مریض کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ کر دَم کریں جب تک آرام نہ آئے یہ عمل جاری رکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بہت جلد مرض جاتا رہے گا۔

350)......آنکھ پر زخم ہونے کا علاج:

وظیفہ : کسی بھی وجہ سے آنکھ پر زخم ہو گیا اور آنکھ میں خون بھر آیا ہو تو ایسی صورت میں قرآن مجید کی سورۃ الھمزہ باوضو حالت میں انتہائی یکسوئی اور توجہ سے پڑھ کر آنکھ پر دَم کرنے سے انشاء اللہ سات دن کے اندر اندر زخم ٹھیک ہوجائے گا اور آنکھ صاف ہوجائے گی یہ عمل ہر فرض نماز کے بعد کریں۔

351)......ناخونہ کا علاج:

وظیفہ : تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دَم کیا جائے انشاءاللہ ناخونہ ختم ہوجائے گا۔

352)......آنکھوں کے جالے کا علاج:

وظیفہ : سورۂ تکویر پڑھ کر آنکھ پر دَم کرنے سے جالا دفع ہوگا۔

353)......پھولا کا علاج:

وظیفہ : اگر کسی کو پھولا کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد ہر روز سورۂ اخلاص پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دَم کرے انشاءاللہ بیماری ختم ہوجائے گی۔

354)......نزلہ کی وجہ سے بکثرت چھینکیں آتی ہوں:

وظیفہ : اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَل لَّہٗ عِوَجًا .

فضیلت : اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ مرتبہ اس آیت کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔

355)......پائیوریا کا علاج:

اس مرض میں مسوڑھوں میں ورم ہو جاتا ہے مسوڑھوں سے بدبو دار پیپ نکلتا ہے جس کی وجہ سے منہ سے بدبو آتی ہے اس مرض کے شدید حملے کی صورت میں سانس بھی بدبودار ہو جاتا ہے۔

وظیفہ : وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

فضیلت : اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دَم کریں انشاءاللہ پائیوریا کا عارضہ جاتا رہے گا منہ کی بدبو بھی ختم ہو جائے گی۔

356)......ہونٹ اور جلد کے پھٹ جانے کا علاج:

وظیفہ : سورۃ والضحیٰ ابتداء سے فھدیٰ تک اور سورۃ زلزال ابتداء سے ''اَشْتَاتا'' تک تین تین مرتبہ پڑھے اور پڑھنے والا پڑھتے وقت اپنا ہاتھ پھٹے ہوئی جگہ پر رکھے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا اور تندرستی حاصل ہوگی۔

357)......کھانسی کا علاج:

وظیفہ : وَشَدَدْنَا مُلْکَہٗ وَاٰتَیْنٰہُ الْحِکْمَۃَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ .

فضیلت : اگر کسی کو کھانسی ہو جائے تو یہ آیت اکیس مرتبہ سادہ نمک پر

دَم کرکے چٹایا جائے۔

358)......پھیپھڑے کے درد کا علاج:

وظیفہ: اگر کسی کے پھیپھڑوں میں درد ہو یا پانی بھر گیا ہو تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۂ رحمٰن کی ابتداء ''اَلرَّحْمٰن'' سے لے کر انیسویں آیت ''مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ'' تک پڑھ کر پانی پر دَم کرکے اکتالیس دن تک مُسلسل مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

359)......بیوی سے جماع پر قادر نہ ہو تو:

وظیفہ: یٰاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا○

فضیلت: جو شخص جماع پر قادر نہ ہو اسے بعد نمازِ فجر یہ آیت مرغی کے انڈے پر دَم کرکے اکتالیس روز تک مُسلسل کھلایا جائے انشاء اللہ وہ جماع پر قادر ہو جائے گا مجرب ہے۔

حکمت بھری اور مفید باتیں

میرے دل کی عرصہ دراز سے یہ تمنا تھی کہ کچھ حکمت بھری اور مفید باتیں تحریر کی جائیں جن سے عوام النّاس فائدہ اٹھائیں۔ چنانچہ میں نے مکہ معظّمہ کی مہکتی مہکتی دل افروز فضاؤں میں یہ چند باتیں تحریر کرنے کا شرف حاصل کیا اب آپ کی خدمت میں مکہ معظّمہ کا ایمان افروز تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں آپ اسے پڑھیں، دوسروں تک پہنچائیں اور عمل کرنے کی سعادت حاصل کریں۔

1)......سرکار اعظم ﷺ نے فرمایا کہ کلونجی میں سوائے موت کے ہر بیماری سے شفا موجود ہے۔

2)......سورہ فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر دَم کرنے سے پیٹ کا درد ختم ہو جاتا ہے۔

3)......جب کسی کو چھینک آئے اور اس کے الحمدللہ کہنے سے قبل آپ الحمدللہ کہہ دیں تو آپ داڑوں اور جبڑوں کی بیماری سے بچ جائیں گے۔

4)......دھوپ کے گرم پانی سے نہانا برص کی بیماری پیدا کرتا ہے۔

5)......نام محمد ﷺ پر انگوٹھے چومنے سے آنکھوں کی روشنی تیز ہوتی ہے۔

6)......کھانا کھانے کی ابتداء میں نمکین یا اختتام میں نمکین چیز کے استعمال سے ستر بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

7)...... بدھ کے دن ناخن کاٹنا برص کی بیماری پیدا کرتا ہے۔

8)......اپنی بیوی کے ساتھ ہمبستری کرنے کے بعد پیشاب کر لینا چاہیے

ورنہ لا علاج بیماری میں مبتلا ہوگا۔

9)......عجوہ کھجور اور برنی کھجور بیماریوں کے لئے شفا ہیں۔

10)......عجوہ کھجور کے سات دانے صبح کھانے سے جادو آسیب سے حفاظت ہوگی۔

11)......اپنا سیدھا ہاتھ اپنے سیدھے رخسار کے نیچے رکھ کر سونے سے بندہ ہارڈ اٹیک کی بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

12)......آب زم زم شریف کو جس بیماری کی شفا کی نیت سے پیا جائے پینے والے کو اس بیماری سے شفا نصیب ہوتی ہے۔

13)......نامحرم عورتوں کو دیکھنا بھولنے کی بیماری کا باعث بنتا ہے۔

14)......اپنا چہرہ اپنے لباس سے پونچنا بھی بھولنے کی بیماری کا باعث بنتا ہے۔

15)......اپنی آستین سے اپنی ناک صاف کرنا ناک کی ہڈی کو بڑھاتا ہے۔

16)......کھڑے کھڑے پانی پینے سے جوڑوں میں درد پیدا ہوتا ہے۔

17)......دوپہر کے بعد نہانا جوڑوں میں درد پیدا کرتا ہے۔

18)......دستر خوان پر گری روٹی کے ٹکڑے اٹھا کر کھانے والا کبھی مفلس نہیں ہوگا۔

19)......روٹی کی تعظیم وقدر نہ کرنا مفلسی اور تنگ دستی کا باعث ہے۔

20)......جس گھر میں سرکہ ہو اس گھر میں کبھی مفلسی داخل نہ ہوگی۔

21)......اگر کوئی لمبی عمر کا طالب ہے تو وہ اپنے رشتے داروں کے ساتھ نیک سلوک کرے۔

22)......اگر کسی چیز کے چوری ہونے کا اندیشہ ہوتو اس چیز پر آیۃُ الکرسی پڑھ کر دم کر لیا جائے انشاءاللہ چوری سے حفاظت میں رہے گی۔

23)......اگر کسی کا بخار نہ اترتا ہو تو کسی دوسرے شخص کی شہادت کی انگلی سے اپنی پیٹھ پر کلمات اذان لکھوائے انشاءاللہ بخار اتر جائے گا۔

24)......پندرہ شعبان کے دن بیری کے پتوں سے غسل کرنے والا پورا سال جادو کے اثر سے محفوظ رہے گا۔

25)......پیٹ کے امراض سے حفاظت کا واحد راستہ یہ ہے کہ جب تک بھوک نہ لگے نہ کھائے اور پیٹ بھرنے سے قبل کچھ نوالے چھوڑ دے یعنی پیٹ بھر کھانا نہ کھائے۔

26)......جو شخص دورانِ اذان باتیں کرتا ہے خدشہ ہے کہ مرتے وقت اس کا ایمان سلب کر لیا جائے۔

27)......جو شخص افیون کا عادی ہوگا اس کو مرتے وقت کلمہ نصیب نہ ہوگا۔

28)......جو شخص مسواک کا عادی ہوگا اس کو مرتے وقت کلمہ نصیب ہوگا۔

29)......دعا کے وقت اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیوں کی طرف نگاہیں ہٹا کر ادھر ادھر دیکھنا آنکھوں کی روشنی کو کمزور کر دیتا ہے۔

30)......بیت الخلاء میں بلا وجہ دیر تک بیٹھنا بواسیر کی بیماری کو جنم دیتا ہے۔

31)......غسل خانے میں پیشاب کرنا وسوسوں کی بیماری پیدا کرتا ہے۔

32)......اپنے ایمان کے خاتمے کی فکر نہ کرنے والے شخص کے لئے خدشہ ہے کہ مرتے وقت اس کا ایمان سلب کر لیا جائے۔

33)......درود شریف کی کثرت ہر بیماری کا علاج، ہر پریشانی کا حل ،

جان کنی کے وقت آسانی اور ایمان پر خاتمے کی ضمانت ہے۔

34)......رات کو سفر کیا کرو کیونکہ رات کو زمین لپیٹ دی جاتی ہے۔

35)......کثرت سے قبرستان جانا موت کی یاد پیدا کرتا ہے اور موت کی یاد سے دل کا زنگ دور ہوتا ہے۔

36)......رات کا کھانا نہ کھانا جلد بڑھاپے کو لاتا ہے۔

37)......دوپہر کو کچھ دیر قیلولہ کرنا رات کی عبادت میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

38)......غصّہ حماقت سے شروع ہو کر ندامت پر ختم ہوتا ہے۔

39)......سرکارِ اعظم ﷺ نے فرمایا کہ جس کاتب نے میرا نام لکھا اور اس کے ساتھ درود شریف لکھا تو وہ جب تک لکھا رہے گا لکھنے والے کو ثواب ملتا رہے گا۔(اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کا یہ معمول تھا کہ وہ صبح کے وقت ایک کاپی میں (ﷺ) کثرت سے لکھا کرتے تھے تا کہ جب تک لکھا رہے ثواب ملتا رہے)

40)......فجر کی نماز کے بعد ختم قادریہ پڑھنا حافظے کو تیز کرتا ہے اور بھولنے کی بیماری کو ختم کرتا ہے۔

41)......جسے یہ پسند ہو کہ اس کی ہر دعا قبول کی جائے تو وہ تہجد کی نماز کی پابندی کرے۔

42)......کم کھانا، کم سونا اور کم بولنا صحت کے لئے نہایت مفید ہے۔

43)......مسجد میں ہنسنا قبر میں اندھیرا لاتا ہے۔

44)......مسجد میں دنیاوی باتیں کرنے والے کے ساٹھ برس کی اعمال

برباد کردیئے جاتے ہیں۔

45)......کھانے یا چائے کو پھونک مار کر ٹھنڈا نہ کیا جائے کیونکہ انسان کے پھونک میں جراثیم ہوتے ہیں جو پھونک مارنے کی وجہ سے کھانے یا چائے میں داخل ہوجاتے ہیں جو کہ مضر صحت ہے۔(اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ا کا ذکر کر کے دم کرنا منع نہیں ہے)

46)......روٹی یا چاول کے اوپر سالن کا کٹورا رکھنا روٹی یا چاول کی بے ادبی ہے۔

47)......جو ہنستے ہوئے گناہ کرتا ہے وہ روتا ہوا جہنم میں جائے گا۔

48)......ناخن کا بڑھانا بے برکتی اور نحوست کا باعث بنتا ہے۔

49)......جب تجھے کسی شخص سے حسد ہوتو اس شخص کے پیٹھ پیچھے تو اس کی تعریف کرنا شروع کردے انشاء اللہ تیرے دل سے حسد ختم ہو جائے گا۔

50)......اپنے دانتوں سے ناخن کاٹنا ایک ہاتھ سے روٹی توڑنا اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالنا مغروروں کی علامت ہے۔

51)......گائے کے گوشت میں بیماری اور اس کے دودھ میں شفا ہے۔

52)......والدین کی رضامندی میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور والدین کی ناراضگی میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے۔

53)......زیادہ ہنسنا انسان کے وقار کو ختم کرتا ہے۔

54)......قہقہہ لگا کر ہنسنا دل کو مردہ کردیتا ہے۔

55)......لمحہ بھر کی شہوت پرستی طویل غم کی علامت ہے۔

56)......روزانہ پانچ سو مرتبہ درود شریف پڑھنے والا کبھی تنگ دست نہیں

ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان باتوں پر عمل کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کی سعادت نصیب فرمائے۔آمین

☆☆☆☆☆

اسبابِ فقر و تنگ دستی

(ماخوذ از: معمولاتِ مشائخ، مطبوعہ دہلی و دولت بے زوال وغیرہ)

کتب متداولہ میں جو اسباب کہ انسان کو مفلس کر دیتے ہیں بکثرت لکھے ہیں۔ چونکہ احصاء اور شمار اس مختصر رسالہ میں دشوار ہے۔اس لئے لب لباب کے طور پر اختصار کے ساتھ درج کیے جاتے ہیں۔اسے کتب معتبرہ کا انتخاب سمجھنا چاہیے حق تعالیٰ سب مسلمانوں کو اس بلائے ناگہانی سے نکالے اور ان کے اقوال وافعال اپنی مرضی کے موافق کر دے اور مجھ کو اور اس رسالہ کے ناظرین اور جملہ مسلمین ومسلمات کو اپنی رحمتِ کاملہ سے نوازے۔(آمین)

فقیر قادری عرض کرتا ہے کہ ان اسباب میں وہ بھی ہیں جن کا ذکر قرآن وحدیث میں ملتا ہے اور اکثر وبیشتر وہ ہیں جو اکابر ملت ورہنمایانِ شریعت نے اپنے اپنے مشاہدے اور تجربے سے دریافت کیے تو جوان اسباب سے اپنے آپ کو دور رکھے گا خود ہی فائدہ اٹھائے گا اور جو ان میں ملوث ہوگا وہ خود دیکھ لے گا کہ اس نے کیا کھویا کیونکر کھویا۔

ہاں آدمی یہ کبھی نہ بھولے کہ موثر حقیقی اللہ عزوجل ہے اور ہر نفع ونقصان کی کنجی اسی کے دست قدرت میں ہے۔وہ چاہے کرے اس سے کوئی باز پُرس کرنے والا نہیں۔وہ اسباب یہ ہیں:

1)......جھوٹ بولنا۔

2)......زنا کرنا۔

3)......گناہوں میں مشغول رہنا۔

4)......جھوٹی قسمیں کھانا۔

5)......جنابت میں کھانا کھانا۔(سحری کا وقت جا رہا ہے تو حالتِ جنابت میں سحری کرنے میں حرج نہیں)

6)......برہنہ پیشاب کرنا۔

7)......شب میں جھاڑو دینا خصوصاً کپڑے سے جھاڑنا۔

8)......ناخن دانت سے تراشنا۔

9)......پاجامہ یا دامن یا آنچل سے منہ پونچھنا۔

10)......فقیروں سے روٹی کے ٹکڑے خریدنا۔